International Association of Dental Traumatology guidelines for the management of traumatic dental injuries: General introduction

Liran Levin[1], Peter F. Day[2], Lamar Hicks[3], Anne O'Connell[4], Ashraf F. Fouad[5], Cecilia Bourguignon[6], Paul V. Abbott[7]

دانتوں کی چوٹوں کی انتظامی حکمت عملی کے لیے بین الاقوامی ایسوسی ایشن آف ڈینٹل ٹراماٹولوجی کی ہدایات: عمومی تعارف

لیران لیون[1]، پیٹر ایف ڈے[2]، لامر ہکس[3]، این او کونل[4]، اشرف ایف فواد[5]، سیسلیا بورگینن[6]، پال وی ایبٹ[7]

[1] فیکلٹی آف میڈیسن اینڈ ڈینٹسٹری، یونیورسٹی آف البرٹا، ایڈمونٹن، اے بی، کینیڈا

[2] اسکول آف ڈینٹسٹری، یونیورسٹی آف لیڈز، کمیونٹی ڈینٹل سروس، بریڈ فورڈ ڈسٹرکٹ کیئر این ایچ ایس ٹرسٹ، لیڈز، برطانیہ

[3] ڈویژن آف اینڈوڈونٹکس، یونیورسٹی آف میری لینڈ اسکول آف ڈینٹسٹری، یو ایم بی، بالٹی مور، ایم ڈی، امریکہ

[4] پیڈیاٹرک ڈینٹسٹری، ڈبلن ڈینٹل یونیورسٹی ہاسپٹل، ٹرینیٹی کالج ڈبلن، دی یونیورسٹی آف ڈبلن، ڈبلن، آئرلینڈ

[5] ایڈمز اسکول آف ڈینٹسٹری، یونیورسٹی آف نارتھ کیرولائنا، چیپل ہل، این سی، امریکہ

[6] پرائیویٹ پریکٹس، پیرس، فرانس

[7] یو ڈبلیو اے ڈینٹل اسکول، یونیورسٹی آف ویسٹرن آسٹریلیا، پرتھ، ڈبلیو اے، آسٹریلیا

Urdu Translation of IADT Dental Trauma Guidelines 2020 by:

Sehrish Aijaz[1], Syed Murtaza Raza Kazmi[2], Fahad Umer[3]

[1] Resident, Department of Orthodontics, Dow Dental College, Dow University of Health Sciences, Pakistan

[2] Assistant Professor, Prosthodontics, Dental Section, Department of Surgery, Aga Khan University, Pakistan

[3] Associate Professor, Operative Dentistry and Endodontics, Dental Section, Department of Surgery, Aga Khan University, Pakistan

IADT ڈینٹل ٹراما گائیڈ لائنز 2020 کا اردو ترجمہ بذریعہ:

سحرش اعجاز[1]، سید مرتضیٰ رضا کاظمی[2]، فاہد عمر[3]

[1] ریذیڈنٹ، ڈیپارٹمنٹ آف آرتھوڈانٹکس، ڈاؤ ڈینٹل کالج، ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز، پاکستان

[2] اسسٹنٹ پروفیسر، پراستھوڈانٹکس، ڈینٹل سیکشن، ڈیپارٹمنٹ آف سرجری، آغا خان یونیورسٹی، پاکستان

[3] ایسوسی ایٹ پروفیسر، آپریٹو ڈینٹسٹری اور اینڈوڈونٹکس، ڈینٹل سیکشن، ڈیپارٹمنٹ آف سرجری، آغا خان یونیورسٹی، پاکستان

خلاصہ

دانتوں کی چوٹیں (TDIs) اکثر بچوں اور نوجوانوں میں ہوتی ہیں۔ بڑی عمر کے افراد بھی TDIs کا شکار ہوتے ہیں لیکن کم عمر افراد کے مقابلے میں نمایاں طور پر کم شرحوں میں۔ بنیادی دانتوں میں لگسیشن انجریز سب سے عام TDIs ہیں، جبکہ کراؤن^ فریکچرز زیادہ عام طور پر ثانوی دانتوں کے لیے رپورٹ کیئے جاتے ہیں۔ مناسب پیشگوئی، علاج کی منصوبہ بندی اور پیروی ایک سازگار نتیجے کو یقینی بنانے کے لیے بہت اہم ہیں۔ بین الاقوامی ایسوسی ایشن آف ڈینٹل ٹرومیٹولوجی (IADT) کی ان ہدایات کی اپ ڈیٹس میں 1996 سے 2019 تک نظامی جائزوں کی تلاش کے لیےEMBASE، MEDLINE، PUBMED، SCOPUS، اور Cochrane Databases کا استعمال کرتے ہوئے موجودہ دانتوں کے لٹریچر کا ایک جامع جائزہ اور 2000 سے 2019 تک ڈینٹل ٹراماٹولوجی (Dental Traumatology) جریدے کی تلاش شامل ہے۔ ان ہدایات کا ہدف TDIs کی فوری دیکھ بھال کے لیے معلومات فراہم کرنا ہے۔ یہ سمجھا جاتا ہے کہ کچھ فالواپ علاج میں ثانوی اور تیسرے درجے کی مداخلتوں کی ضرورت پڑسکتی ہے جس میں دانتوں کی چوٹوں میں تجربہ رکھنے والے اور طبی ماہرین شامل ہوں۔ پچھلی ہدایات کی طرح، موجودہ ورکنگ گروپ میں دانتوں کی مختلف خصوصیات اور عمومی مشقوں کے تجربہ کار، تفتیش کار، اور معالجین شامل تھے۔ IADT کی یہ نظرثانی ہدایات دستیاب لٹریچر اور ماہرین کی آراء پر مبنی بہترین ثبوت کی نمائندگی کرتی ہیں ۔ ایسے معاملات میں جہاں شائع شدہ اعداد و شمار حتمی نہیں تھے، سفارشات ورکنگ گروپ کی متفقہ رائے پر مبنی ہیں۔ پھر ان کا جائزہ لیا گیا اور IADT بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبران نے ان کی منظوری دی۔ یہ سمجھا جاتا ہے کہ ہدایات کا اطلاق مخصوص طبی حالات، معالج کے فیصلے، اور مریض کی خصوصیات کا محتاط جائزہ لے کر کیا جاتا ہے، جس میں تعمیل کا امکان، مالیات، اور علاج کے فوری اورطویل مدتی نتائج کی معلومات شامل ہیں۔ IADT ہدایات پر عمل کرنے سے سازگار نتائج کی ضمانت نہیں دیتا، اور نہ ہی دے سکتا ہے۔ تاہم، IADT کا خیال ہے کہ ان کی درخواست نتائج کے امکان کو زیادہ سے زیادہ سازگار بنا سکتی ہے۔

1 تعارف

دانتوں کی چوٹیں (TDIs) اکثر بچوں اور نوجوانوں میں ہوتی ہیں، جو تمام چوٹوں میں سے 5 فیصد پر مشتمل ہوتی ہیں۔ اسکول کے تمام بچوں میں سے 25 فیصد دانتوں کی چوٹوں کا سامنا کرتے ہیں، اور 33 فیصد بالغوں کو دانتوں کی ثانوی چوٹوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جس میں زیادہ تر چوٹیں 19 سال کی عمر سے پہلے ہوتی ہیں۔ لگسیشن انجریز (luxation injuries) بنیادی دانتوں میں سب سے زیادہ عام چوٹیں ہیں، جبکہ کراؤن فریکچر ثانوی دانتوں کے لئے عام طور پر رپورٹ کیئے جاتے ہیں. سازگار نتیجے کو یقینی بنانے کے لیے مناسب پیشگوئی (prognosis)، علاج کی منصوبہ بندی، اور فالو اپ اہم ہیں۔

بین الاقوامی ایسوسی ایشن آف ڈینٹل ٹرومیٹولوجی (IADT) کی ان ہدایات کی اپ ڈیٹس میں 1996 سے 2019 تک EMBASE، MEDLINE، PUBMED، اور Scopus کی تلاش کا استعمال کرتے ہوئے دانتوں کے موجودہ لٹریچر کا جائزہ اور 2000 سے 2019 تک جریدے ڈینٹل ٹرومیٹولوجی (Dental Traumatology) کی تلاش شامل ہے۔

ان ہدایات کا مقصد دانتوں کی چوٹیں کی فوری دیکھ بھال کے لیے معلومات فراہم کرنا ہے۔ یہ سمجھا جاتا ہے کہ بعد میں ہونے والے کچھ علاج میں ثانوی اور تیسرے درجے کی مداخلتوں کی ضرورت پڑسکتی ہے جس میں دانتوں کی چوٹوں میں تجربہ رکھنے والے ماہرین شامل ہوں۔

IADT نے اپنی ہدایات کا پہلا مجموعہ 2001 میں شائع کیا اور انہیں 2007 میں اپڈیٹ کیا۔ پھر اسے مزید اپڈیٹ کر کے 2012 میں ڈینٹل ٹراماٹولوجی جریدے میں شائع کیا گیا۔ پچھلی ہدایات کی طرح، موجودہ ورکنگ گروپ میں دانتوں کی مختلف خصوصیات اور عمومی مشقوں کے تجربہ کار، تفتیش کار، اور معالجین شامل تھے۔ موجودہ نظرثانی ہدایات دستیاب لٹریچراور ماہر پیشہ ورانہ فیصلے پر مبنی بہترین ثبوت کی نمائندگی کرتی ہے۔ ایسے معاملات میں جہاں اعداد و شمار حتمی نہیں تھے، سفارشات ورکنگ گروپ کی متفقہ رائے پر مبنی تھیں، پھرIADT بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبران نے ان کا جائزہ لیا اور ان کی منظوری دی۔

یہ سمجھا جاتا ہے کہ ہدایات کا اطلاق مخصوص طبی حالات، معالجین کے فیصلے، اور مریضوں کی خصوصیات کا جائزہ لے کر کیا جانا چاہیئے، جس میں تعمیل، مالیات، اور علاج یا عدم علاج کے فوری اور طویل مدتی نتائج کی تفہیم کے امکانات کی معلومات شامل ہیں۔ IADT ہدایات پر عمل کرنے سے سازگار نتائج کی ضمانت نہیں دیتا، اور نہ ہی دے سکتا ہے، لیکن IADT کا ماننا ہے کہ ان کی درخواست نتائج کے امکانات کو زیادہ سے زیادہ سازگار بنا سکتی ہے۔

یہ ہدایات مخصوص TDIs کی پیشگوئی اور علاج کے لیے سفارشات پیش کرتے ہیں۔ تاہم، یہ نصابی کتب، سائنسی لٹریچر، یا DTG میں نہ تو جامع اور نہ ہی تفصیلی معلومات فراہم کر رہی ہیں۔ DTG تک رسائی http://www.dentaltraumaguide.org پر کی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ، IADT ویب سائٹ http://www.iadt-dentaltrauma.org جریدے ڈینٹل ٹراماٹولوجی اور دیگر دانتوں کی چوٹوں سے متعلق رسائی اور معلومات فراہم کرتی ہے۔

2 عمومی تجویز

2.1 بنیادی دانتوں کی چوٹوں کے لیے خصوصی تحفظات

تعاون کی کمی اور خوف کی وجہ سے چھوٹے بچے کا معائنہ اور علاج کرنا اکثر مشکل ہوتا ہے۔ یہ صورتحال بچے اور والدین دونوں کے لیے پریشان کن ہو سکتی ہے۔ اس بات کو ذہن میں رکھنا ضروری ہے کہ زخمی بنیادی دانت کی جڑ کی نوک اور اندر موجود ثانوی دانت کے درمیان قریبی تعلق ہے۔ دانتوں کی خرابی، متاثرہ دانت اور ثانوی دانتوں کی نشوونما میں خلل کچھ ایسے نتائج ہیں جو بنیادی دانتوں اور/یا الویولر ہڈی (bone alveolar) کو شدید چوٹ لگنے کے نتیجے میں پیش آ

سکتے ہیں۔ بچے کی بلوغت اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی صلاحیت، زخمی دانت کے نکلنے کا وقت، اور اس کی روک تھام سبھی اہم عوامل ہیں، جو علاج پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ بچوں میں متعدد حادثاتی اقساط عام ہیں اور یہ دانت کو نقصان پہنچنے کے بعد نتائج کو متاثر کر سکتے ہیں۔

2.2 مکمل بامقابلہ نامکمل ثانوی دانت

ثانوی دانتوں کی جڑوں کی مسلسل نشوونما کو یقینی بنانے کے لیے ان کے گودے کو محفوظ رکھنے کی ہر ممکن کوشش کی جانی چا ہیے۔دانتوں کی چوٹوں (TDIs) کی ایک بڑی اکثریت بچوں اور نوعمروں میں پائی جاتی ہے جہاں دانت کے ضائع ہونے سے عمر بھر کے اثرات ہوسکتے ہیں۔ نامکمل ثانوی دانت کے اندد گودے کی نمائش، لگسیشن انجری، یا جڑ کے ٹوٹ جانے کے بعد بھی ٹھیک ہونے کی کافی صلاحیت موجود ہوتی ہیں۔

2.3 ثانوی دانتوں کی اولژن^ (avulsion)

ثانوی دانت کے اولژن کے بعد کامیاب علاج کا انحصار جاہ حادثے پر کی جانے والی کارروائیوں پر ہوتا ہے۔ اولژن کی ابتدائی طبی امداد کے بارے میں عوامی آگاہی کو فروغ دینے کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ اوولزڈ دانت کے علاج کے انتخاب اور پیشگوئی (prognosis) کا زیادہ تر انحصار جڑ کے پٹھے (PDL periodontal ligament) اور اس کی پختگی پر ہوتا ہے۔ اوولزڈ دانتوں کی انتظامی حکمت عملی کے لیے IADT کی مخصوص ہدایات دیکھیں۔

2.4 مریض/والدین کی ہدایات

مریض کی بہتر شفایابی کے لیے ڈاکٹر کے پاس فالواپ اور گھر کی دیکھ بھال کی بہت اہمیت ہے۔ دانتوں کی بہتر شفایابی اور زخم کو مزید بھڑنے سے روکنے کے لیے، مریض اور مریضوں کے والدین دونوں کو زخمی دانت یا دانتوں کی دیکھ بھال، بہترین صفائی اور اینٹی بیکٹیریل ایجنٹ (antibacterial agent) جیسے کہ الکحل سے پاک کلورہیکسیڈائن گلوکوونیٹ (alcohol-free chlorhexidine gluconate) 0.12 فیصد کے ساتھ 1-2 ہفتے کلی کرنے کا مشورہ دینا چاہیئے۔ متبادل طور پر، ایک چھوٹے بچے کے ساتھ بہتر ہوتا ہے کہ کلورہیکسائیڈائن کو متاثرہ علاقے پر کاٹن کی ڈبون کے ساتھ لگایا جائے۔

2.5 فالو اپ، سپلنٹنگ^ (splinting) کی مدت اور اہم نتائج کا خلاصہ

فالو اپ اور سپلٹنگ کی مدت کا خلاصہ دینے کے لیے، ٹیبل 1-3 مختلف زخموں کے لیے بنیادی اور ثانوی دندانی میں پیش کیئے گئے ہیں۔ اس میں اہم نتائج کے متغیرات، جو اگلے حصہ میں بیان کیئے گئے ہیں، بھی شامل ہیں۔

2.6 اہم نتائج کا مجموع (COS)

جب دانتوں کی چوٹ کے بارے میں دنیا بھر کے لٹریچر کا ایک جامع جائزہ لیا جاتا ہے تو اس پر غلبہ کوپن ہیگن کے ایک مرکزپر ہوتا ہے۔ ڈاکٹر اینڈریسن اور ان کے تحقیقی گروپ کا عمر بھر کا کام اس پر ہے۔ انہوں نے تویل عرصے تک ان کے انمول نتائج کے اشاعت میں قابل ذکر کام کیا ہے۔ سائنسی تحقیق کے بنیادی اصولوں میں سے ایک تکرار ہے، جہاں مریضوں کے ایک گروہ کے ساتھ ایک مرکز میں پائے جانے والے نتائج دوسرے مریضوں کے گروہوں میں بھی مسلسل

دیکھے جاتے ہیں۔ یہ ضروری ہے کہ دوسرے مراکز کے نتائج اس وقت بھی شائع کیۓ جائیں جب وہ پہلے مطالعے کے نتائج کی تصدیق کرتے ہوں۔ طبی ماہرین اور محققین کے لیے تجزیہ کرنے کے لیے دستیاب مطالعات کی تعداد میں اضافہ کرنے سے، موازنہ، تضاد، اور مطالعات کو مناسب طریقے سے ملانے کی صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے۔

IADT نے حال ہی میں بچوں اور بڑوں میں TDIs کے لیے ایک اہم نتائج کا مرکزی مجموعہ (COS) تیار کیا ہے۔ یہ COS دندان سازی یا ڈینٹل سرجری میں تیار کردہ صفِ اول میں سے ہیں۔ اس کی بنیاد مضبوط اتفاق رائے کی پیروی اور نتائج کے منظم جائزے کے ذریعے رکھی گئی ہے۔ نتائج میں ایک بڑی تعداد مختلف چوٹوں کی اقسام میں بار بار ہونے والے زخموں کی شناخت ہوئی۔ ان نتائج کو پھر "عمومی" نتائج کے طور پر شامل کیا گیا جو کہ تمام TDIsسے متعلق ہیں ۔ چوٹ کے مخصوص نتائج کا بھی تعین کیا گیا تھا کیونکہ وہ نتائج صرف ایک یا مخصوص TDI سے متعلق تھے۔ اس کے علاوہ، مطالعہ نے یہ مقررکیا کہ کیا، کیسے، کب اور کس کے ذریعے ان نتائج کی پیمائش کی جانی چاہیئے۔ ٹیبل 1 اور 2 عمومی اور چوٹ کے مخصوص شدہ نتائج کو ظاہر کر رہے ہیں جو مختلف چوٹوں کے فالو اپ میں ریکارڈ کیۓ جاتے ہیں۔ ہر نتیجے کے لیے مزید معلومات اصل مقالے میں بیان کی گئی ہیں۔

مفادات کا تصادم

مصنفین اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ ان کی مصالحہ کا کوئی تنازعہ نہیں ہے۔

اخلاقی منظوری

اس مقالے کے لیے کسی اخلاقی منظوری کی ضرورت نہیں تھی۔

ٹیبل 1. بنیادی دانتوں کے فالو اپ کا نظام

	1 ہفتہ	4 ہفتے	8 ہفتے	3 مہینے	6 مہینے	1 سال	6 سال کی عمر تک	COS سے شناخت کردہ غور طلب عمومی نتائج	COS سے شناخت کردہ غور طلب عمومی نتائج مخصوص چوٹوں کے نتائج
انیمل کا ٹوٹنا	کوئی فالو اپ نہیں۔								
انیمل/ڈینٹین کا ٹوٹنا			*						

کراؤن کا ٹوٹنا	*		*			* (ریڈیوگراف صرف اس صورت میں جب دانت کے گودے کاعلاج کیا گیا ہو)		پیریڈونٹل شفایابی (بشمول ہڈیوں کا نقصان، مسوڑھوں کا اپنی جگہ چھوڑنا، حرکت، اور اینکیلوسس^ (ankylosis)/ریزورپشن (resorption)) گودے کی شفایابی (بشمول انفیکشن درد رنگ کا تبدیل ہوجانا دانت کا نقصان معیار زندگی (کام، اسکول اور کھیل کود سے چھٹی کےدن) کلینک/ ہسپتال کے دوروں کی تعداد خوبصورتی(مریض کا تصور) آنے والے ثانوی دانت کی نشوونما پر اثر حادثے سے متعلق خوف	دانتوں کی بھرائی کا معیار دانتوں کی بھرائی کا نقصان
کراؤن/جڑ کا ٹوٹنا	*		*			* (ریڈیوگراف صرف اس صورت میں جب دانت کے گودے کاعلاج کیا گیا ہو)			اگر دانت کو ڈھانپا گیا ہو: دانتوں کی بھرائی کا معیار دانتوں کی بھرائی کا نقصان
جڑ کا ٹوٹنا	*	س*	*			*			دانت کا اُس کی اصل جگہ پر واپس آجانا
الویولر ہڈی کا ٹوٹنا	*	س* ر	*			س*	*		
کنکشن^	*		*					پیریڈونٹل شفایابی (بشمول ہڈیوں کا نقصان، مسوڑھوں کا اپنی جگہ چھوڑنا، حرکت، اور اینکیلوسس (ankylosis)/ریزورپشن (resorption)) گودے کی شفایابی (بشمول انفیکشن درد رنگ کا تبدیل ہوجانا دانت کا نقصان	
سبلگسیشن^	*		*						
ایکسٹروژن^	*		*			*			دانت کا اُس کی اصل جگہ پر واپس آجانا
لیٹرل لگسیشن^	*	*س	*		*	*			
انٹروژن^	*		*		*	*	*		دانت کا اُس کی اصل جگہ پر واپس آجانا دانت کا اپنی اصل جگہ سے نیچے ہوجانا

								معیار زندگی (کام، اسکول اور کھیل کود سے چھٹی کےدن) کلینک/ ہسپتال کے دوروں کی تعداد خوبصورتی(مریض کا تصور) آنے والے ثانوی دانت کی نشوونما پر اثر حادثے سے متعلق خوف	
اولژن	*		*				*	درد رنگ کا تبدیل ہوجانا دانت کا نقصان معیار زندگی (کام، اسکول اور کھیل کود سے چھٹی کےدن) کلینک/ ہسپتال کے دوروں کی تعداد خوبصورتی (مریض کا تصور) آنے والے ثانوی دانت کی نشوونما پر اثر حادثے سے متعلق خوف	

ان فالو اپ دوروں میں عمومی اور چوٹ سے متعلق مخصوص نتائج کو جمع کرنے پر غور کریں جس کی شناخت کور آؤٹکوم سیٹ—کینی ایٹ ال ڈینٹ ٹراماٹول 20182 کے ذریعے کی گئی ہے۔

* = طبی جائزہ۔

س = سپلنٹ ہٹانا۔

ر = ریڈیوگراف کا مشورہ دیا جاتا ہے چاہے کوئی طبی علامات موجود نہ ہوں

ٹیبل 2. ثانوی دانتوں کے فالو اپ کا نظام

	2 ہفتے	4 ہفتے	8-6 ہفتے	3 مہینے	4 مہینے	8-6 مہینے	1 سال	سالانہ کم از کم 5 سال تک	COS سے شناخت کردہ غور طلب عمومی نتائج	COS سے شناخت کردہ غور طلب عمومی نتائج مخصوص چوٹوں کے نتائج
انفارکشن	کوئی فالو اپ نہیں۔									
انیمل کا ٹوٹنا			ر*				ر*		پیریڈونٹل شفایابی (بشمول ہڈیوں کا نقصان، مسوڑھوں کا اپنی جگہ چھوڑنا، حرکت، اور اینکیلوسس (ankylosis)/ریزورپشن (resorption)) گودے کی شفایابی (بشمول انفیکشن) درد رنگ کا تبدیل ہوجانا دانت کا نقصان معیار زندگی (کام، اسکول اور کھیل کود سے چھٹی کے دن) کلینک/ ہسپتال کے دوروں کی تعداد خوبصورتی (مریض کا تصور)	دانتوں کی بھرائی کا معیار دانتوں کی بھرائی کا نقصان
انیمل/ڈینٹین کا ٹوٹنا			ر*				ر*			
کراؤن کا ٹوٹنا			ر*	ر*		ر*	ر*			
کراؤن/جڑ کا ٹوٹنا			ر*	ر*		ر*	ر*	ر*		دانتوں کی بھرائی کا معیار دانتوں کی بھرائی کا نقصان ٹوٹی ہوئی جڑ کی مرمت
جڑ کا ٹوٹنا (اپیکل تہائی، درمیانی تہائی)		س* ر*	ر*		ر*	ر*	ر*	ر*		
جڑ کا ٹوٹنا (سروایکل^ تہائی)		ر*	ر*		س* ر*	ر*	ر*	ر*		
الویولر ہڈی کا ٹوٹنا		س* ر*	ر*		ر*	ر*	ر*	ر*		دانت کا اپنی اصل جگہ سے نیچے ہوجانا
کنکشن		ر*	ر*			ر*	ر*	ر*		
سبلگسیشن	س* ر*			ر*		ر*	ر*			
ایکسٹروژن	س* ر*	ر*		ر*		ر*	ر*			دانت کا اپنی اصل جگہ سے نیچے ہوجانا
لیٹرل لگسیشن	ر*	س* ر*	ر*	ر*		ر*	ر*	ر*		

انٹروژن	ر*	س* ر*	ر*	ر*		ر*	ر*	ر*	آنے والے ثانوی دانت کی نشوونما پر اثر حادثے سے متعلق خوف	دانت کا اُس کی اصل جگہ پر واپس آجانا دانت کا اپنی اصل جگہ سے نیچے ہوجانا
مکمل دانت کی اولژن	س* ر*	ر*	ر*	ر*		ر*	ر*	ر*		
نامکمل دانت کی اولژن	س* ر*	ر*	ر*	ر*		ر*	ر*	ر*		دانت کا اپنی اصل جگہ سے نیچے ہوجانا

ان فالو اپ دوروں میں عمومی اور چوٹ سے متعلق مخصوص نتائج کو جمع کرنے پر غور کریں جس کی شناخت کور آؤٹکوم سیٹ COS —کینی ایٹ ال ڈینٹ ٹراماٹول 20182 کے ذریعے کی گئی ہے۔

* = طبی جائزہ۔

س = سپلنٹ ہٹانا۔

ر = ریڈیوگراف کا مشورہ دیا جاتا ہے چاہے کوئی طبی علامات موجود نہ ہوں

= نیکروٹک اور متاثرہ گودے والے نہ مکمل مستقل دانتوں کے لیے، درج ذیل اضافی نتائج پر غور کریں: جڑ کی لمبائی، جڑ کی چوڑائی، اور آخری مرحلے کے کراؤن فریکچر۔

ٹیبل 3. بنیادی اور ثانوی دانتوں کے لیے سپلٹنگ کا دورانیہ			
	2 ہفتے	4 ہفتے	4 مہینے
ثانوی دانت			
سبلگسیشن	* (اگر سپلنٹ کیا گیا ہو)		

ایکسٹروژن	*		
لیٹرل لگسیشن		*	
انٹروژن		*	
اولژن	*		
جڑ کا ٹوٹنا (ایپیکل تہائی، درمیانی تہائی)		*	
جڑ کا ٹوٹنا (سروایکل تہائی)			*
الویولر ہڈی کا ٹوٹنا		*	
بنیادی دانت			
جڑ کا ٹوٹنا		* (اگر سپلٹنگ کی ضرورت ہو)	
لیٹرل لگسیشن		* (اگر سپلٹنگ کی ضرورت ہو)	

International Association of Dental Traumatology guidelines for the management of traumatic dental injuries: 1. Fractures and luxations

Cecilia Bourguignon[1], Nestor Cohenca[2], Eva Lauridsen[3], Marie Therese Flores[4], Anne C. O'Connell[5], Peter F. Day[6], Georgios Tsilingaridis[7,8], Paul V. Abbott[9], Ashraf F. Fouad[10], Lamar Hicks[11], Jens Ove Andreasen[12], Zafer C. Cehreli[13], Stephen Harlamb[14], Bill Kahler[15], Adeleke Oginni[16], Marc Semper[17], Liran Levin[18]

دانتوں کی چوٹوں کی انتظامی حکمت عملی کے لیے بین اقوامی ایسوسی ایشن آف ڈینٹل ٹراماٹولوجی کی ہدایات: 1. فریکچر اور لگسیشن

سیسلیا بورگینن[1]، نیسٹر کوہنکا[2]، ایوا لاریڈسن[3]، میری تھیریس فلورس[4]، این سی او کونل[5]، پیٹر ایف ڈے[6]، جارجیوس سلنگاریڈیس,[8,7]، پال وی ایبٹ[9]، اشرف ایف فواد[10]، لامر ہکس[11]، جینز اوو اینڈریسن[12]، ظفر سی سیہریلی[13]، اسٹیفن ہارلم[14]، بل کاہلر[15]، اڈیلیک اوگنی[16]
مارک سیمپر[17]، لیران لیون[18]

1 سپیشلسٹ پرائیویٹ پریکٹس، پیرس، فرانس

2 ڈیپارٹمنٹ آف پیڈیاٹرک ڈینٹسٹری، یونیورسٹی آف واشنگٹن اور سیئٹل چلڈرنز ہاسپٹل، سیئٹل، ڈبلیو اے، امریکہ

3 ریسورس سینٹر فار رئیر اورل ڈیزیز، کوپن ہیگن یونیورسٹی ہاسپٹل، کوپن ہیگن، ڈنمارک

4 ڈیپارٹمنٹ آف پیڈیاٹرک ڈینٹسٹری، فیکلٹی آف ڈینٹسٹری، یونیورسیداد دے والپاریسو، والپاریسو، چلی

5 پیڈیاٹرک ڈینٹسٹری، ڈبلن ڈینٹل یونیورسٹی ہاسپٹل، ٹرینیٹی کالج ڈبلن، دی یونیورسٹی آف ڈبلن، ڈبلن، آئرلینڈ

6 اسکول آف ڈینٹسٹری، یونیورسٹی آف لیڈز اور کمیونٹی ڈینٹل سروس بریڈ فورڈ ڈسٹرکٹ کیئر این ایچ ایس ٹرسٹ، لیڈز، برطانیہ

7 ڈویژن آف آرتھوڈونٹکس اور پیڈیاٹرک ڈینٹسٹری، ڈیپارٹمنٹ آف ڈینٹل میڈیسن، کیرولنسکا انسٹیٹیوٹ، ہوڈنگے، سویڈن

8 سینٹر فار پیڈیاٹرک اورل ہیلتھ ریسرچ، اسٹاک ہوم، سویڈن

9 یو ڈبلیو اے ڈینٹل اسکول، یونیورسٹی آف ویسٹرن آسٹریلیا، نیڈلینڈز، ڈبلیو اے، آسٹریلیا

10 ایڈمز اسکول آف ڈینٹسٹری، یونیورسٹی آف نارتھ کیرولائنا، چیپل ہل، این سی، امریکہ

11 ڈویژن آف اینڈوڈونٹکس، یونیورسٹی آف میری لینڈ اسکول آف ڈینٹسٹری، یو ایم بی، بالٹی مور، ایم ڈی، امریکہ

12 ڈیپارٹمنٹ آف اورل اینڈ میکسلو فیشل سرجری، ریسورس سینٹر فار رئیر اورل ڈیزیزز، رگشاسپیتالیت، کوپن ہیگن، ڈنمارک

13 ڈیپارٹمنٹ آف پیڈیاٹرک ڈینٹسٹری، فیکلٹی آف ڈینٹسٹری، ہاچے ٹیپے یونیورسٹی، انقرہ، ترکی

14 فیکلٹی آف میڈیسن اینڈ ہیلتھ، دی یونیورسٹی آف سڈنی، سڈنی، این ایس ڈبلیو، آسٹریلیا

15 اسکول آف ڈینٹسٹری، دی یونیورسٹی آف کوئنز لینڈ، سینٹ لوشیا، کیو ایل ڈی، آسٹریلیا

16 فیکلٹی آف ڈینٹسٹری، کالج آف ہیلتھ سائنسز، اوبافمی آولوو یونیورسٹی، الے-ایفے، نائجیریا

17 سپیشلسٹ پرائیویٹ پریکٹس، بریمن، جرمنی

18 فیکلٹی آف میڈیسن اینڈ ڈینٹسٹری، یونیورسٹی آف البرٹا، ایڈمنٹن، اے بی، کینیڈا

خلاصہ

ثانوی دانتوں کی چوٹیں (TDIs) بچوں اور نوجوانوں میں کثرت سے ہوتی ہیں۔ دانتوں کی تمام چوٹوں میں کراؤن کا فریکچر اور لگسیشن سب سے زیادہ عام ہے۔ مناسب تشخیص، علاج کی منصوبہ بندی، اور فالو اپ سازگار نتیجہ حاصل کرنے کے لیے اہم ہیں۔ ہدایات کو دانتوں کے ڈاکٹروں اور مریضوں کو فیصلہ سازی اور بہترین ممکنہ دیکھ بھال فراہم کرنے میں مدد کرنی چاہیئے۔ بین الاقوامی ایسوسی ایشن آف ڈینٹل ٹراماٹولوجی (IADT) نے دانتوں کے لٹریچر اور ورکنگ گروپ کے مباحثوں کے جامع جائزے کے بعد ان ہدایات کو متفقہ بیان کے طور پر تیار کیا ہے۔ مختلف خصوصیات کے تجربہ کار محققین اور معالجین اور دندان سازوں کی کمیونٹی کو ورکنگ گروپ میں شامل کیا گیا تھا۔ ایسے معاملات میں جہاں شائع شدہ اعداد و شمار حتمی طور پر ظاہر نہیں ہوئے، سفارشات ورکنگ گروپ کی متفقہ رائے پر مبنی ہیں۔ پھر ان کا جائزہ لیا گیا اور IADT بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبران نے ان کی منظوری دی۔ یہ ہدایات مطالعات کی تلاش اور ماہرانہ رائے پر مبنی بہترین موجودہ ثبوت کی نمائندگی کرتے ہیں۔ ان ہدایات کا بنیادی مقصد TDIs کی فوری دیکھ بھال کے لیے ایک نقطہ نظر کی وضاحت کرنا ہے۔ اس پہلے مضمون میں، IADT کی ہدایات ثانوی دانتوں کے فریکچر اور لگسیشن کی انتظامی حکمت عملی کا احاطہ کرتی ہیں۔ IADT ہدایات پر عمل کرنے سے سازگار نتائج کی ضمانت نہیں دیتا، اور نہ ہی دے سکتا ہے۔ تاہم، IADT کا خیال ہے کہ ان کی درخواست نتائج کے امکان کو زیادہ سے زیادہ سازگار بنا سکتی ہے۔

1 تعارف

زیادہ تر دانتوں کی چوٹیں (TDIs) بچوں اور نوعمروں میں پائی جاتی ہیں جہاں دانت کے گرنے سے عمر بھر کے اثرات ہوسکتے ہیں۔ ان چھوٹی عمر کے بچوں کا علاج بالغوں کے مقابلے میں مختلف ہو سکتا ہے، خاص طور پر نامکمل دانتوں اور بلوغت کے چہرے پر اثرات کی وجہ سے۔ ان ہدایات کا مقصد زخمی دانتوں کی انتظامی حکمت عملی کو بہتر بنانا اور حادثے کے نتیجے میں پیدا ہونے والی پیچیدگیوں کو کم کرنا ہے۔

2 طبی معائنہ

جسم میں ڈینٹو-ایلیوولر (dentoalveolar) حصے کی چوٹیں عام ہیں جس کے نتیجے میں دانتوں کے فریکچر، لگسیشن، اور/یا ہڈی کے ٹوٹنے، اور نرم بافتوں کی چوٹیں جیسے کہ کنٹیوژنز (contusions)، ابیریشنز (abrasions)، اور لیسریشنز (lacerations) شامل ہیں۔ دستیاب موجودہ لٹریچر دانتوں کی چوٹوں (TDIs)، حادثے کی ابتدائی طبی امداد، مریض کی جانچ، علاج کی منصوبہ بندی کے فیصلوں پر اثر انداز ہونے والے عوامل، اور حادثے سے دوچار مریضوں کو علاج کے اختیارات اور پیشگوئی کی اہمیت فراہم کرتا ہے-3

ایک ہی دانت پر بیک وقت ہونے والی دو مختلف قسم کی چوٹوں کا مجموعہ ایک ہی چوٹ سے زیادہ نقصان دہ ہوتا ہے۔ بیک وقت کراؤن فریکچرز، کنکشن (concussion) یا سب لگسیشن، اور مکمل جڑوں کی نشوونما دانتوں میں گودے کے نیکروسس اور انفیکشن کے خطرے کو نمایاں طور پر بڑھاتے ہیں-6 اسی طرح، گودا کی نمائش کے ساتھ یا اس کے بغیر کراؤن کے ٹوٹنے سے گودا نیکروسس اور لیٹرل لگسیشن کے ساتھ دانتوں میں انفیکشن کا خطرہ نمایاں طور پر بڑھ جاتا ہے-5, 6

Kenny et al7 نے بچوں اور بڑوں میں TDIs کے لیے ایک بنیادی نتیجہ سیٹ (COS) تیار کیا ہے۔ نتائج کو چوٹ کی مختلف اقسام میں بار بار آنے کے طور پر شناخت کیا گیا تھا۔ پھر ان نتائج کی شناخت "عام" یا "چوٹ سے متعلق مخصوص نتائج" کے طور پر کی گئی۔ عمومی نتائج تمام TDIs سے متعلق ہوتے ہیں جبکہ "چوٹ سے متعلق مخصوص نتائج" صرف ایک یا کچھ مخصوص TDIs سے متعلق ہوتے ہیں۔ مزید برآں، بنیادی نتائج سیٹ نے یہ بھی قائم کیا کہ کیا، کیسے، کب، اور کس کے ذریعے ان نتائج کی پیمائش کی جانی چاہیئے (ٹیبلز 1-13)۔

3 X-ray میں معائنہ

معالج کو ہر مریض کا معائنہ کرنے کے بعد چوٹ کی نوعیت کے مطابق روایتی X-ray کم از کم دو مختلف زاویون سے لینے کی سفارش کی جاتی ہے۔ X-ray لینے کا واضح جواز ضروری ہے۔ اس بات کا قوی امکان ہونا چاہیئے کہ X-rays وہ معلومات فراہم کرے گا جو فراہم کردہ علاج کے انتخاب پر مثبت اثر ڈالے گا۔ مزید

برآں، ابتدائی X-rays اہم ہیں کیونکہ وہ فالو اپ میں مستقبل کے موازنہ کے لیے بنیادی معلومات فراہم کرتے ہیں۔ معیاری X-rays کے لیے فلم ہولڈرز کے استعمال کی انتہائی سفارش کی جاتی ہے۔

چونکہ میکسلری سینٹرل انسائیزرز (Maxillary central incisors) سب سے زیادہ متاثر ہونے والے دانت ہیں، مندرجہ ذیل دیے گئے X-rays زخمی حصے کو مکمل طور پر جانچنے کے لئے تجویز کئے جاتے ہیں:

1. ایک متوازی پیریاپیکل X-ray جس کا نشانہ مڈلائن کے پار میکسلری سینٹرل انسائیزرز کو دکھانا ہے۔

2. ایک متوازی پیریاپیکل X-ray جس کا نشانہ دائیں میکسلری لیٹرل انسائیزر (اور دائیں کینائن (canine) اور سینٹرل انسائیزر) کو دکھانا ہے۔

3. ایک متوازی پیریاپیکل X-ray جس کا نشانہ بائیں میکسلری لیٹرل انسائیزر(اور بائیں کینائن اور سینٹرل انسائیزر) کو دکھانا ہے۔

4. اوپری (میکسلری) جبڑے کا ایک اوکلسل X-ray۔

5. کم از کم ایک متوازی پیریاپیکل X-ray دو مینڈیبولر سینٹرلز (Mandibular centrals) پر مرکوز نچلے انسائیزرز کے لیے۔ تاہم، اگر مینڈیبولر دانتوں کی واضح چوٹیں ہوں تو دوسرے X-rays کی نشاندہی کی جا سکتی ہے (مثال کے طور پر، اوپر والے دانتوں کی طرح اسی طرح کے پیریاپیکل X-rays، مینڈیبولر اوکلوسل X-ray)۔

X-rays جن کا نشانہ میکسلری لیٹرل انسائیزرز (Maxillary lateral incisors) ہوتا ہے ان کو چاہیئے کہ وہ لیٹرل انسائیزر اور اس کے گردوں کا مکمل منظر پیش کریں، جس میں کینائن ڈانٹ بھی شامل ہے۔ اوکلوسل X-ray زخمی دانتوں اور ارد گرد کے بافتوں کا ایک مختلف عمودی نظارہ فراہم کرتا ہے، جو کہ لیٹرل لگسیشن، جڑوں کے ٹوٹنے، اور الویولر (alveolar) ہڈیوں کے ٹوٹنے کا پتہ لگانے میں خاص طور پر مددگار ہے-2, 8, 9

مندرجہ بالا X-ray سیریز ایک مثال کے طور پر فراہم کی گئی ہے۔ اگر دوسرے دانت زخمی ہیں، تو متعلقہ دانت/دانتوں پر توجہ مرکوز کرنے کے لیے سیریز میں ترمیم کی جا سکتی ہے۔ کچھ معمولی چوٹوں کے لئے، جیسے کہ انیمل انفریکشنز (enamel infractions)، ہوسکتا ہے ان تمام X-rays کی ضرورت نہ پڑے۔

دانتوں کی چوٹوں کی مکمل تشخیص کے لیے X-rays ضروری ہیں۔ مثال کے طور پر، دانتوں کی جڑوں اور ہڈیوں کا ٹوٹنا کسی طبی علامت کے بغیر ہو سکتا ہے اور جب صرف ایک قسم کا X-ray استعمال کیا جاتا ہے تو اکثر اس کا پتہ نہیں چلتا ہے۔ مزید برآں، مریض بعض اوقات حادثے کے کئی ہفتوں بعد علاج کروانے آتے ہیں جب سنگین چوٹ کے طبی نشانات ختم ہو جاتے ہیں۔ اس طرح، دانتوں کے ڈاکٹروں کو اپنے طبی فیصلے کا استعمال کرنا چاہیئے اور متعدد X-ray لینے کے فوائد اور نقصانات کا وزن کرنا چاہیئے۔

کون بیم کمپیوٹرائزڈ ٹوموگرافی دانتوں کی چوٹوں (Cone Beam Computerized Tomography CBCT) خاص طور پر جڑ کے فریکچر، کراؤن/جڑ کا فریکچر، اور لیٹرل لگسیشن کا بہتر تصور فراہم کرتی ہے۔ CBCT فریکچر کے مقام، حد اور سمت کا تعین کرنے میں مدد کرتا ہے۔ ان مخصوص زخموں میں، D3

امیجنگ مفید ہو سکتی ہے اور اگر دستیاب ہو تو اس پر تفکر کرنا چاہیئے۔9-11 ایک رہنما اصول جب کسی مریض کو آئنائزنگ شعاعوں کے سامنے لانے پر غور کیا جائے تو یہ ہے کہ کیا یہ تصویر چوٹ کی انتظامی حکمت عملی کو تبدیل کرکر سکتی ہے۔

4 فوٹو گرافی کی دستاویزات

چوٹ کی ابتدائی دستاویزات اور فالو اپ کے لیے طبی تصویروں کے استعمال کی انتہائی سفارش کی جاتی ہے۔ فوٹو گرافی کی دستاویزات نرم بافتوں کی شفا یابی کی نگرانی، دانتوں کی رنگت کا جائزہ لینے، متاثرہ دانتوں کے دوبارہ اپنی جگہ پر میں واپس آنے کا اندازہ لگانے کے کام آ سکتا ہے۔ اس کے علاوہ، تصاویر طبی قانونی دستاویزات فراہم کرتی ہیں جو قانونی چارہ جوئی کے معاملات میں استعمال کی جا سکتی ہیں۔

5 گودے کی حیثیت کا اندازہ: حساسیت اور حیاتیاتی جانچ

5.1 حساسیت کے ٹیسٹ

حساسیت کی جانچ سے مراد وہ ٹیسٹ (سرد ٹیسٹ اور الیکٹرک پلپ ٹیسٹ) ہیں جو گودے کی حالت کا تعین کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ یہ سمجھنا ضروری ہے کہ حساسیت کی جانچ اعصابی سرگرمی کا اندازہ کرتی ہے نہ کہ عروقی فراہمی کا۔ اس طرح، یہ جانچ عصبی ردعمل کی عارضی کمی یا نوجوان دانتوں میں A-delta اعصابی ریشوں کی عدم تفریق کی وجہ سے ناقابل اعتبار ہو سکتی ہے۔ حساسیت کا عارضی نقصان چوٹ کے بعد گودا ٹھیک ہونے کے دوران ممکن ہے، خاص طور پر حالیہ چوٹوں کے بعد 13-15۔ لہٰذا، گودے کی حساسیت کی جانچ کے جواب کی کمی گودے کی صحت کا تعین کرنے کے لیے فیصلہ کن نہیں ہے 16۔ یہ عام طور پر قبول کیا جاتا ہے کہ گودے کی حساسیت کی جانچ جلد از جلد کی جانی چاہیئے تاکہ مستقبل میں موازنے کی جانچ اور فالو اپ کے لیے ایک بنیادی لائن قائم کی جا سکے۔ ابتدائی جانچ بھی گودے کے طویل مدتی پیشگوئی کے لیے ایک اچھا پیش گو ہے۔ 12-15، 20

5.2 حیاتیاتی ٹیسٹ

نبض آکسیمیٹری کا استعمال، جو کہ عصبی ردعمل کے بجائے خون کے حقیقی بہاؤ کی پیمائش کرتا ہے، گودے میں خون کی فراہمی (حیاتیاتی) کی موجودگی کی تصدیق کا ایک قابل اعتماد طریقہ ہے۔ 14، 21 موجودہ نبض آکسیمیٹری کا استعمال خاص طور پر دانتوں کے طول و عرض میں فٹ ہونے کے لیے بنائے گئے سینسر کی کمی اور دانتوں کے سخت بافتوں میں گھسنے کی طاقت کی کمی کی وجہ سے محدود ہے۔

لیزر (LASER) اور الٹراساؤنڈ ڈوپلر فلو میٹری (Ultrasound Doppler flowmetry) گودے کی حیاتیاتی کی نگرانی کے لیے امید افزا ٹیکنالوجیز ہیں۔

6 استحکام/سپلینٹنگ (splinting): قسم اور دورانیہ

موجودہ شواہد قلیل مدت کے لیے لچکدار سپلنٹس (splints) کی حمایت کرتے ہیں جو لگسیٹڈ (luxated)، اوولزڈ (avulsed)، اور جڑ سے ٹوٹے ہوئے دانتوں کے لیے ہوتے ہیں۔ الویولر ہڈی کے فریکچر کی صورت میں، دانتوں کے سپلنٹ کا استعمال ہڈی کو استحکام دینے کے لئے کیا جا ہے۔ وائر کمپوزٹ (wire-composite) سپلنٹس کا استعمال کرتے وقت، 0.4 ملی میٹر (mm) سٹینلیس سٹیل (stainless sleel) تار کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔22 سپلینٹنگ دانت کو اس کی صحیح جگہ پر برقرار رکھنے اور ابتدائی شفا دیتے ہوئے دانت کو آرام دینے کیلئے بہترین عمل سمجھا جاتا ہے23-25۔ یہ انتہائی اہم ہے کہ کمپوزٹ اور بانڈنگ ایجنٹوں (bonding agents) کو مسوڑھوں اور قریبی علاقوں سے دور رکھا جائے تاکہ پلاک (plaque) کے جما ہونے اور ثانوی انفیکشن سے بچا جا سکے۔ یہ حاشیہ دار مسوڑھوں اور ہڈیوں کو بہتر طور پر ٹھیک ہونے کی اجازت دیتا ہے۔ سپلینٹنگ کا وقت (مدت) چوٹ کی قسم پر منحصر ہوگا۔ براہ کرم ہر قسم کی چوٹ کے لیے ان کی سفارشات دیکھیں (ٹیبلز 1-13)۔

7 اینٹیبائیوٹک (antibiotic) کا استعمال

لگسیشن چوٹوں کے ہنگامی انتظام میں سیسٹیمیٹک اینٹیبائیوٹکس (systematic antibiotics) کے استعمال کے محدود ثبوت موجود ہیں اور اس بات کا کوئی ثبوت نہیں ہے کہ اینٹی بائیوٹکس جڑ سے ٹوٹے ہوئے دانتوں کے نتائج کو بہتر بناتی ہیں۔ اینٹیبائیوٹک کا استعمال معالج کی صوابدید پر رہتا ہے کیونکہ TDIs اکثر نرم بافتوں اور دیگر متعلقہ زخموں کے ساتھ ہوتے ہیں، جن میں دیگر جراحی مداخلت کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ اس کے علاوہ، مریض کی طبی حیثیت اینٹیبائیوٹک کے استعمال کی وجہ بن سکتی ہے 26,27۔

8 مریضوں کے لئے ہدایات

فالو اپ اور گھر میں دیکھ بھال مریض کی مطابقت، TDIs کے بعد بہتر شفاء میں مدد فراہم کرتی ہے۔ مریضوں اور والدین یا سرپرستوں دونوں کو زیادہ سے زیادہ شفا یابی کے لیے زخمی دانتوں اور بافتوں کی دیکھ بھال، غیر ضروری کھیل کود سے اجتناب، منہ کی احتیاط، اور اینٹیبیکٹیریل ایجنٹ (antibacterial agent) جیسے کلورہیکسیڈین گلوکوونیٹ 0.12% (chlorhexidine gluconate) سے کلی کرنے کے بارے میں مشورہ دیا جانا چاہیئے۔

9 فالو اپ اور حادثے کے بعد کی پیچیدگیاں

TDIs کے بعد فالو اپ لازمی ہے۔ ہر فالو اپ میں علامات کے بارے میں مریض سے پوچھ گچھ، نیز کلینیکل اور X-ray معائنہ اور گودے کی حساسیت کی جانچ شامل ہونی چاہیئے۔ فوٹوگرافی دستاویزات کی سختی سے سفارش کی جاتی ہے۔ اہم پیچیدگیاں مندرجہ ذیل ہیں: گودا نیکروسس اور انفیکشن، گودے کی جگہ کا ختم ہونا، جڑوں کا پگھل جانا جانے کی کئی قسمیں، مسوڑھوں اور ہڈیوں کی تکلیف۔ پیچیدگیوں کا جلد پتہ لگانا اور ان کی انتظامی حکمت عملی بہتر نتائج کی پیش گو ہے۔

10 جڑوں کی نشوونما کا مرحلہ— نامکمل (کھلی ہوئی نوک) بمقابلہ مکمل (بند نوک) ثانوی دانت

مکمل اور نامکمل دونوں دانتوں میں گودے کو محفوظ رکھنے کی ہر ممکن کوشش کی جانی چاہیئے۔ نامکمل ثانوی دانتوں میں یہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے تا کہ جڑوں کی مسلسل نشونما کی اجازت دی جا سکے۔ TDIs کی اکثریت بچوں اور نوعمروں میں پائی جاتی ہے، جہاں دانت کے گرنے سے عمر بھر کے نقصانات ہوتے ہیں۔ ایک نامکمل ثانوی دانت کا گودا تکلیف دہ گودے کی نمائش، لگسیشن چوٹ، یا جڑ کے فریکچر کے بعد ٹھیک ہونے کی کافی صلاحیت رکھتا ہے۔ TDIs کے بعد گودے کی نمائش قدامت پسند علاج کے لیے موزوں ہے، جیسے کہ گودا کیپنگ، جزوی پلپوٹومی، اتلی یا جزوی پلپوٹومی، اور سروایکل (cervical) پلپوٹومی، جس کا مقصد گودے کو برقرار رکھنا اور جڑوں کی مسلسل نشوونما کی اجازت دینا ہے 31-28۔ اس کے علاوہ، ابھرتے ہوئے علاج دانتوں کو ریواسکولرائز کرنے/دوبارہ زندہ کرنے کی صلاحیت کا مظاہرہ کر رہے ہیں جس سے نامکمل ثانوی دانتوں کے نیکروٹک گودے میں بافتوں کی نشوونما ہو سکتی ہے-32-37۔

11 مشترکہ چوٹیں

دانت بار بار مختلف قسم کی چوٹوں کا شکار ہوتے ہیں۔ تحقیقات نے ظاہر کیا ہے کہ ٹوٹے ہوئے کراؤن میں گودے کا نقصان ہو یا نہ ہو، اگر ہم-وقت لگسیشن زخم ہو تو گودے کی موت یا انفیکشن کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔ وہ مکمل ثانوی دانت جو شدید TDIs کا شکار ہوتے ہیں، اور جن میں گودا نیکروسس اور انفیکشن کا خدشہ ہوتا ہے، وہ حفاظتی اینڈوڈونٹک علاج کے لیے موزوں ہیں۔

چونکہ مشترکہ چوٹوں میں پیشگوئی بدتر ہوتی ہے، اس لیے فریکچر کے مقابلے میں بار بار ہونے والی لگسیشن چوٹوں کا فالو اپ کثرت سے کرنے کی سفارش ہے۔

12 پلپ کینال کا خاتمہ

پلپ کینال کا خاتمہ (پلپ کینال اوبلیٹریشن (PCO)) کثرت سے ان کھلے نوکوں والے دانتوں میں ہوتا ہے جن کو شدید چوٹ لگی ہو۔ یہ عام طور پر، روٹ کینال کے اندر زندہ عروقیت کی موجودگی کو ظاہر کرتا ہے۔ ایکسٹروژن (extrusion)، انٹروژن (intrusion)، اور لیٹرل لگسیشن کی چوٹوں میں PCO کی زیادہ شرح ہوتی ہے، 40 سب لگسیٹڈ اور کراؤن فریکچر والے دانت بھی PCO ظاہر کر سکتے ہیں، حالانکہ کم تعدد میں۔

13 لگسیٹڈ اور ٹوٹے ہوئے دانتوں کی روٹ کینال

13.1 بالغ ثانوی دانت (جڑ کی مکمل نوک کے ساتھ مکمل دانت)

حادثے کے بعد گودا زندہ رہ سکتا ہے، لیکن ابتدائی روٹ کینال کا مشورہ عام طور پر مکمل طور پر ان بالغ دانتوں کے لیے دیا جاتا ہے جو ایکسٹروژن، انٹروژن یا لیٹرل لگسیشن کا شکار ہوچکے ہیں۔ کیلشیم ہائیڈروآکسائیڈ (hydroxide calcium) کو روٹ کینال کی دوا کے طور پر تجویز کیا جاتا ہے۔ دوا کو حادثے کے 1-2 ہفتے بعد تکریباً 1 ماہ تک رکھا جائے اور اس کے بعد روٹ کینال کو مکمل کیا جائے۔ متبادل طور پر، کورٹیکوسٹیروئیڈ/اینٹیبائیوٹک پیسٹ (corticosteroids/antibiotic paste) کو سوزش اور ریزورپشن (resorption) کے مخالف کینال کے اندر کی دوا کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے تاکہ بیرونی سوزش (انفیکشن سے متعلق) ریزورپشن کو روکا جا سکے۔ اگر ایسا پیسٹ استعمال کیا جاتا ہے، تو اسے فوری طور پر (یا جتنی جلدی ممکن ہو) روٹ کینال میں لگانا چاہیئے اور پھر اسے کم از کم 6 ہفتوں کے لئے چھوڑ دینا چاہیئے۔ ادویہ روٹ کینال کے اندر محتاطانہ انداز سے لگائی جانی چاہئیں، تاکہ ایکسیس کیوٹی (access cavity) کی دیواروں سے رابطہ ہونے سے کراؤن کا رنگ بدلنے کا امکان نہ ہو-48

13.2 نامکمل دانت (کھلی نوک کے ساتھ نامکمل دانت)

ٹوٹے ہوئے اور لگسیٹڈ دانتوں کا گودا زندہ رہ سکتا ہے اور صحتیاب ہو سکتی ہے۔ اس طرح، روٹ کینال کے علاج سے گریز کیا جانا چاہیئے جب تک کہ فالو اپ امتحانات میں گودا نیکروسس یا انفیکشن کے طبی یا X-ray میں ثبوت نہ ملیں۔ جڑوں کے انفیکشن (سوزش) سے متعلق کے خطرات کو ریواسکولرائزیشن (revascularization) کے فائدوں کے ساتھ موازنہ کرنا چاہیئے۔ بچوں میں اس طرح کی ریزورپشن بہت تیزی سے ہوتی ہے۔ اس لیے، باقاعدگی سے فالو اپ لازمی ہیں کہ روٹ کینال کا علاج شروع کیا جا سکے جیسے ہی اس قسم کی ریزورپشن کا پتہ چلے (نیچے دیکھیں)۔ نامکمل طور پر تیار شدہ دانت جو انٹروژن کا شکار ہوچکے ہیں چکے ہیں اور ان میں کراؤن فریکچر (مشترکہ تکلیف دہ چوٹیں) بھی ہیں، وہ گودا نیکروسس اور انفیکشن کے خطرے سے زیادہ دوچار ہیں اور اس لیے ان صورتوں میں فوری یا ابتدائی روٹ کینال علاج پر غور کیا جا سکتا ہے۔ نامکمل طور پر تیار شدہ جڑوں کے ساتھ دانتوں کے دوسرے اینڈوڈونٹک (endodontic) علاج میں اپیکسیفیکیشن یا پلپ اسپیس ریواسکولرائزیشن/ریوائٹلائزیشن (apexification or pulp space revascularization/revitalization) تکنیک شامل ہو سکتی ہیں۔

13.3 بیرونی سوزش (انفیکشن سے متعلق) جڑوں کی دوبارہ تشکیل کے لیے روٹ کینال علاج

جب بھی انفیکشن سے متعلق (سوزش) بیرونی ریزورپشن کا ثبوت ملتا ہے، روٹ کینال کا علاج فوری طور پر شروع کیا جانا چاہیئے۔ روٹ کینال میں کیلشیم ہائیڈروآکسائیڈ کی دوا دانلی چاہئیے جو کے 3 ہفتوں تک روٹ کینال کے اندر رہے اور اس کو ہر 3 ماہینوں میں تبدیل کرنا چاہیئے حتیٰ کہ ریزورپشن یا ریڈیو لوسینسی (radiolucency) ختم ہوجائے۔ جب ہڈیوں کی مرمت X-ray میں نظر آئے تو روٹ کینال کو مکمل طور پر بھرا جاسکتا ہے۔

13.4 روٹ کینال میں ربڑ ڈیم کا استعمال

روٹ کینال علاج ہمیشہ دانتوں کے ڈیم کے ساتھ کیا جانا چاہیئے۔ ڈینٹل ڈیم ریٹینر کو ایک یا زیادہ پڑوسی دانتوں پر لگایا جا سکتا ہے تاکہ زخمی دانت/دانتوں کو مزید صدمے سے بچایا جا سکے اور نامکمل دانت کے ٹوٹنے کے خطرے کو روکا جا سکے۔ ڈینٹل فلاس یا دیگر اسٹیبلائزنگ ڈوریوں کا بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

14 بنیادی نتیجہ سیٹ (Core Outcome Set (COS))

بین اقوامی ایسوسی ایشن آف ڈینٹل ٹراماٹولوجی (IADT) نے حال ہی میں بچوں اور بالغوں میں دانتوں کی تکلیف دہ چوٹوں (TDIs) کے لیے ایک بنیادی نتیجہ سیٹ (COS) تیار کیا ہے۔ یہ حادثے کے لٹریچر میں استعمال ہونے والے نتائج اور ایک مضبوط متفقہ طریقہ کار کی پیروی کرتے ہیں۔ کچھ نتائج کی شناخت مختلف چوٹوں کی اقسام میں بار بار آنے کے طور پر کی گئی تھی۔ ان نتائج کو پھر "عام" (یعنی تمام TDIs سے متعلقہ) کے طور پر شناخت کیا گیا۔ چوٹ کے مخصوص نتائج کا بھی تعین کیا گیا تھا کیونکہ وہ نتائج صرف ایک یا زیادہ انفرادی TDIs سے متعلق تھے۔ مزید برآں، مطالعہ نے یہ ثابت کیا کہ کیا، کیسے، کب، اور کس کے ذریعہ ان نتائج کی پیمائش کی جانی چاہیئے۔ ہدایات کے عمومی تعارف کے سیکشن 66 میں ٹیبل 2 عام اور چوٹ کے مخصوص نتائج کو دکھایا گیا ہے جو مختلف تکلیف دہ چوٹوں کے لیے تجویز کردہ فالو اپ جائزے میں ریکارڈ کیئے جائیں گے۔ ہر ایک نتیجے کے لیے مزید معلومات اصل مضمون میں بیان کی گئی ہیں۔

15 اضافی وسائل

اوپر دی گئی عمومی سفارشات کے علاوہ، معالجین کو IADT کی سرکاری اشاعت، جریدے ڈینٹل ٹراماٹولوجی، IADT کی ویب سائٹ (www.iadt-dentaltrauma.org)، مفت ToothSOS ایپ اور ڈینٹل ٹراما گائیڈ (www.dentaltraumaguide.org) تک رسائی حاصل کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

مفادات کا تصادم

مصنفین کا اعلان ہے کہ مذکورہ مخطوطہ کے لیے کوئی مسابقتی دلچسپیاں نہیں ہیں۔ پیش کردہ کام کے لیے کوئی فنڈنگ نہیں ملی۔ تصاویر بشکریہ ڈینٹل ٹراما گائیڈ۔

اخلاقی بیان

اس مقالے کے لیے کسی اخلاقی منظوری کی ضرورت نہیں تھی۔

ٹیبل 1۔ ثانوی دانت: انیمل انفریکشن کے علاج کے لئے ہدایات

انیمل انفریکشنز	طبی نتائج	امیجنگ، X-ray تشخیص، اور دریافتیں	علاج	فالو اپ	سازگار نتائج	عموی نتائج
 انیمل کا ایک نامکمل فریکچر (کریک یا کریزنگ)، دانتوں کی ساخت میں کمی کے بغیر	تھپتھپاہٹ یا ہلکے سے چھونے پر کوئی حساسیت نہیں۔ دانتوں کا جائزہ کریں ممکنہ طور پر لگسیشن یا جڑ کے ٹوٹنے پر، خاص طور پر اگر تکلیف یانرم (ٹینڈر) محسوس ہو رہا ہو۔	X-ray میں کوئی تبدیلی نہیں۔ تجویز کردہ X-ray: ایک متوازی پریپیکل X-ray اضافی X-ray کی نشاندہی کی جاتی ہے اگر دیگر ممکنہ زخموں کی علامات موجود ہوں۔	شدید انفریکشن کی صورت میں، بانڈنگ ریزن کے ساتھ اینچنگ اور سیل کرنے پر غور کیا جانا چاہیئے تاکہ انفریکشن کی رنگ میں تبدیلی اور بیکٹیریل آلودگی کو روکا جا سکے۔ دوسری صورت میں، علاج کی ضرورت نہیں ہے	کسی پیروی کی ضرورت نہیں ہے اگر یہ یقینی ہو کہ دانت کو صرف انفریکشن کی چوٹ کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ اگر کوئی منسلک چوٹ ہے جیسا کہ لگسیشن انجری، تو وہ چوٹ کے لیے مخصوص فالو اپ غالب ہے	اسیمپٹومیٹک^ گودے کی حساسیت کی جانچ پر مثبت جواب نامکمل دانتوں میں جڑوں کی مسلسل نشوونم	سیمپٹومیٹک^ پلپ نیکروسس اور انفیکشن اپیکل^ پیریڈونٹائٹس نامکمل دانتوں میں جڑوں کی مزید نشوونما کا فقدان

	دانت کی نارمل حرکت گودے کی حساسیت کے ٹیسٹ عام طور پر مثبت ہوتے ہیں۔					

ٹیبل 2. ثانوی دانت: صرف انیمل پر مشتمل غیر پیچیدہ کراؤن فریکچر کے علاج کے لئے ہدایات						
غیر پیچیدہ کراؤن فریکچر (صرف انیمل فریکچر)	طبی نتائج	امیجنگ، X-ray تشخیص، اور دریافتیں	علاج	فالو اپ	سازگار نتائج	عموئ نتائج
 ایک کورونل فریکچر جس میں صرف انیمل شامل ہوتا ہے، دانتوں	انیمل کا نقصان بے نقاب ڈینٹین کی کوئی ظاہری علامت نہیں دانتوں کا جائزہ کریں ممکنہ طور پر لگیشن یا جڑ کے ٹوٹنے پر،	انیمل کا نقصان نظر آتا ہے۔ گمشدہ ٹکڑوں کا حساب ہونا چاہیئے:اگر ٹکڑا غائب ہے اور نرم بافتوں کی چوٹیں ہیں تو، ہونٹ اور/یا گال کے X-ray کو	اگر دانت کا ٹکڑا دستیاب ہو تو اسے دوبارہ دانت سے جوڑا جا سکتا ہے۔ متبادل طور پر، فریکچر کی حد اور مقام پر منحصر ہے، دانت کے کناروں کو ہموار کیا	کلینکل اور X-ray کی مدد سے تشخیص ضروری ہیں: 6-8 ہفتے کے بعد 1 سال کے بعد اگر کوئی منسلک لگیشن یا جڑ کا فریکچر ہے، یا اس	اسیمپٹومیٹک گودے کی حساسیت کی جانچ پر مثبت جواب اچھے معیار کی بھرائی	سیمپٹومیٹک پلپ نیکروسس اور انفیکشن اپیکل پیریڈونٹائٹس بھرائی کا گر جانا بھرائی کی خرابی

کی ساخت میں کمی کے ساتھ	خاص طور پر اگر تکلیف یا نرمی محسوس ہو رہی ہو۔ دانت کی نارمل حرکت گودے کی حساسیت کے ٹیسٹ عام طور پر مثبت ہوتے ہیں۔	دانتوں کے ٹکڑوں اور/یا بیرونی مواد مواد کی تلاش کے لیے تجویز کیا جاتا ہے۔ تجویز کردہ X-ray: ایک متوازی پریپیکل X-ray اضافی X-ray کی نشاندہی کی جاتی ہے اگر دیگر ممکنہ زخموں کی علامات موجود ہوں۔	جا سکتا ہے، یا ایک کمپوزٹ ریزن سے بھرائی کی جا سکتی ہے۔	سے منسلک لگسیشن چوٹ کا شبہ ہے، تو لگسیشن فالو اپ غالب ہے اور اسے استعمال کیا جانا چاہیئے۔ طویل فالو اپس کی ضرورت ہوگی۔	نامکمل دانتوں میں جڑوں کی مسلسل نشوونما	نامکمل دانتوں میں جڑوں کی مزید نشوونما کا فقدان

ٹیبل 3. ثانوی دانت: انیمل اور ڈینٹین پر مشتمل غیر پیچیدہ کراؤن فریکچر کے علاج کے لئے ہدایات						
غیر پیچیدہ کراؤن فریکچر	طبی نتائج	امیجنگ، X-ray تشخیص، اور دریافتیں	علاج	فالو اپ	سازگار نتائج	عموئ نتائج

(گودا کی نمائش کے ساتھ انیمل-ڈینٹین فریکچر)						
 گودا کی نمائش کے ساتھ انیمل اور ڈینٹین تک محدود فریکچر	دانت کی نارمل حرکت گودے کی حساسیت کے ٹیسٹ عام طور پر مثبت ہوتے ہیں تھپتھپاہٹ یا ہلکے سے چھونے پر کوئی حساسیت نہیں دانت کا جائزہ کریں ممکنہ طور پر لگزیشن انجری یا جڑ کے ٹوٹنے کے لیے، خاص طور پر اگر نرمی محسوس ہو رہی ہو۔	اینمل-ڈینٹین کا نقصان نظر آتا ہے۔ گمشدہ ٹکڑوں کا حساب ہونا چاہیئے:اگر ٹکڑا غائب ہے اور نرم بافتوں کی چوٹیں ہیں تو، ہونٹ اور/یا گال کے X-ray کو دانتوں کے ٹکڑوں اور/یا بیرونی مواد ملبے کی تلاش کے لیے تجویز کیا جاتا ہے۔ تجویز کردہ X-ray:-	اگر دانت کا ٹکڑا دستیاب ہو تو اسے دوبارہ دانت سے جوڑا جا سکتا ہے، ٹکڑا باندھنے سے پہلے 20 منٹ تک پانی یا ملہی میں بھگو کر ری-ہائیڈریٹ کیا جانا چاہیئے۔ بے نقاب ڈینٹین کو گلاس آئنومر یا بانڈنگ ایجنٹ سے ڈھانپیں اور کمپوزٹ ریزن استعمال کریں۔	کلینکل اور X-ray تشخیص ضروری ہیں: 6-8 ہفتے کے بعد 1 سال کے بعد اگر کوئی منسلک لگسیشن یا جڑ کا فریکچر ہے، یا اس سے منسلک لگسیشن چوٹ کا شبہ ہے، تو لگسیشن فالو اپ غالب ہے اور اسے استعمال کیا جانا چاہیئے۔ طویل فالو اپس کی ضرورت ہوگی۔	اسیمپٹومیٹک گودے کی حساسیت کی جانچ پر مثبت جواب اچھے معیار کی بھرائی نامکمل دانتوں میں جڑوں کی مسلسل نشوونما	سیمپٹومیٹک پلپ نیکروسس اور انفیکشن اپیکل پیریڈونٹائٹس بھرائی کا گر جانا بھرائی کی خرابی نامکمل دانتوں میں جڑوں کی مزید نشوونما کا فقدان

		ایک متوازی پریپیکل X-ray اضافی X-ray کی نشاندہی کی جاتی ہے اگر دیگر ممکنہ زخموں کی علامات موجود ہوں۔	اگر بے نقاب ڈینٹین گودا کے 0.5 mm کے اندر ہے (گلابی لیکن خون نہیں بہہ رہا ہے)، تو کیلشیم ہائیڈرو آکسائیڈ کی استر رکھیں اور گلاس آئنومر جیسے مواد سے ڈھانپیں۔			

ٹیبل 4. ثانوی دانت: انیمل اور ڈینٹین پر مشتمل پیچیدہ کراؤن فریکچر کے علاج کے لئے ہدایات						
پیچیدہ کراؤن فریکچر (گودا کی نمائش کے ساتھ انیمل-ڈینٹین فریکچر)	طبی نتائج	امیجنگ، X-ray تشخیص، اور دریافتیں	علاج	فالو اپ	سازگار نتائج	عموئ نتائج
	دانت کی نارمل حرکت تھپتھپاہٹ یا ہلکے سے چھونے پر کوئی حساسیت نہیں	اینمل-ڈینٹین کا نقصان نظر آتا ہے۔ گمشدہ ٹکڑوں کا حساب ہونا چاہیئے:اگر ٹکڑا غائب ہے اور نرم	ایسے مریضوں جن میں دانتوں کی نامکمل جڑیں اور کھلی ہوئی نوکیں موجود ہوتی ہیں، گودا کو محفوظ رکھنا بہت ضروری ہے۔	کلینکل اور X-ray تشخیص ضروری ہیں: 6-8 ہفتے کے بعد 3 ماہ کے بعد	اسیمپٹومیٹک گودے کی حساسیت کی جانچ پر مثبت جواب	سیمپٹومیٹک رنگ میں تبدیلی پلپ نیکروسس اور انفیکشن

6. "0.016 یا 0.4 ملی میٹر قطر کے غیر فعال اور لچکدار تار کا استعمال کرتے ہوئے دانت کو 2 ہفتوں تک مستحکم کریں۔ 32 چھوٹےغیر مکمل دانتوں کو زیادہ وقت درکار ہوتا ہے۔ 47 کمپوزٹ اور بانڈنگ ایجنٹوں کو مسوڑھوں کے بافتوں اور قریبی علاقوں سے دور رکھیں۔ متبادل طور پر، نائلون فشنگ لائن

(0.13-0.25 ملی میٹر) کو دانتوں سے جوڑنے کے لیے کمپوزٹ کا استعمال کرتے ہوئے لچکدار سپلنٹ بنانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ منسلک الویولر یا جبڑے کی ہڈی کے فریکچر کی صورتوں میں، زیادہ سخت سپلنٹ کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے اور اسے 4 ہفتوں کے لیے جگہ پر چھوڑ دینا چاہیئے۔

7. اگر مسوڑھوں میں چیر موجود ہوں، تو ان کو ٹانکے لگا دیں۔

8. بچوں میں غیر مکمل دانتوں کی ریپلانٹیشن کرنے کا مقصد گودے کی ریواسکولرائزیشن ہے، جو کہ جڑوں کو مزید بڑھنے میں مدد کرسکتا ہے۔ بیرونی انفیکشن سے متعلق (سوزش) جڑ کی ریسورپشن کے خطرات کو ریواسکولرائزیشن کے مقابلے میں موازنہ چاہیئے۔ بچوں میں اس طرح کی ریزورپشن بہت تیزی سے ہوتی ہے۔ اگر خود بخود ریواسکولرائزیشن نہیں ہوتی ہے تو، گودا نیکروسس اور انفیکشن کی وجہ سے ہی اپکسیفکشن (apexification)، پلپ ریوائٹلائزیشن (revitalization pulp)/ریواسکولرائزیشن (revascularization)، 48، 49 یا روٹ کینال کا علاج شروع کیا جانا چاہیئے (اینڈوڈونٹک تحفظات کو دیکھیں)۔

9. سیسٹیمیٹک اینٹی بائیوٹکس کا انتظام کریں۔ 34، 35 (دیکھیں: "اینٹی بائیوٹکس")

10. تشنج سے بچاؤ کے ٹیکوں کی تفصیلات معلوم کریں کی کیفیت چیک کریں۔ 36 (دیکھیں: "تشنج")

11. آپریشن کے بعد کی ہدایات فراہم کریں۔ (دیکھیں: "آپریشن کے بعد کی ہدایات")

12. فالو اپ کریں۔ (دیکھیں: "فالو اپ کا طریقہ کار")

کھلی نوک والے غیر مکمل دانت میں، عروقی سپلائی کے ساتھ نئے کنیکٹیو ٹشو کی صورت میں اچانک شفا یابی کا امکان ہوتا ہے۔ یہ جڑوں کی مستمر نشوونما اور مکملیت کی اجازت دیتا ہے۔ لہذا، اینڈوڈونٹک علاج اس وقت تک شروع نہیں کیا جانا چاہیئے جب تک کہ گودا نیکروسس اور روٹ کینال کے انفیکشن کی واضح علامات نہ ہوں۔

3.2.2 دانت کو ذخیرہ انگیز محلول میں رکھا گیا یا فزیولوجک حالات میں نہیں رکھا گیا، اور منہ سے باہر ہونے کا وقت 60 منٹ سے کم رہا ہے۔

آسمولیٹی-متوازن محلول کی مثالیں دودھ اور HBSS ہیں۔

1. سطح کے ملبے کے لئے اوولزڈ دانت کی جانچ کریں۔ کسی بھی ملبے کو ذخیرہ انگیز محلول میں ہلکے سے ہلا کر ہٹا دیں۔ متبادل طور پر، جڑ کی سطح کو ملہی کے ساتھ دھولیں۔

2. تفسیلات حاصل کرتے ہوئے، مریض کا طبی اور X-ray معائنہ کرتے ہوئے، اور مریض کو ریپلانٹیشن کے لیے تیار کرتے ہوئے دانت کو ذخیرہ انگیز محلول میں رکھیں۔

3. مقامی اینستھیزیا کا اندراج کریں، ترجیحی طور پر ویسوکانسٹریکٹر کے بغیر-37

4. جراثیم سے پاک ملہی کے ساتھ ساکٹ کو صاف کریں کریں۔
5. الویولر ساکٹ کی جانچ کریں۔ اگر ساکٹ کی دیوار میں فریکچر ہے تو، کسی مناسب آلے کے ساتھ ٹوٹے ہوئے ٹکڑے کو اس کی اصل پوزیشن پر لے آئیں۔
6. انگلیوں سے ہلکے دباؤ کے ساتھ دانت کو آہستہ آہستہ دوبارہ لگائیں۔
7. دوبارہ لگائے گئے دانت کی طبی اور X-ray دونوں لحاظ سے درست پوزیشن کی تصدیق کریں۔
8. 0.016" یا 0.4 ملی میٹر تک قطر کے غیر فعال، لچکدار تار کا استعمال کرتے ہوئے دانت کو 2 ہفتوں تک مستحکم کریں۔ متبادل طور پر، نائلون فشنگ لائن (0.13-0.25 ملی میٹر) کو دانتوں سے جوڑنے کے لیے کمپوزٹ کا استعمال کرتے ہوئے لچکدار سپلنٹ بنانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ بچوں کے لیے نائلون (فشنگ لائن) سپلنٹ کی سفارش نہیں کی جاتی ہے جب صرف چند ثانوی دانت ہوں کیونکہ حادثے سے متاثرہ دانت کے استحکام کی ضمانت نہیں دی جا سکتی۔ منسلک الویولر یا جبڑے کی ہڈی کے فریکچر کی صورتوں میں، زیادہ سخت سپلنٹ کا کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے اور اسے تقریباً 4 ہفتوں تک اپنی جگہ پر چھوڑ دینا چاہیئے۔
9. اگر مسوڑھوں میں چیر موجود ہوں، تو ان کو ٹانکے لگا دیں۔
10. بچوں میں غیر مکمل دانتوں کی ریپلانٹیشن کرنے کا مقصد گودے کی ریواسکولرائزیشن ہے، جو کہ جڑوں کو مزید بڑھنے میں مدد کرسکتا ہے۔ بیرونی انفیکشن (سوزش) سے متعلق جڑ کی ریسورپشن کے خطرات کو ریواسکولرائزیشن کے مقابلے میں موازنہ کرنا چاہیئے۔ بچوں میں اس طرح کی ریزورپشن بہت تیزی سے ہوتی ہے۔ اگر خود بخود ریواسکولرائزیشن نہیں ہوتی ہے تو گودا نیکروسس اور انفیکشن کی وجہ سے ہی اپکسیفکشن، پلپ ریوائٹلائزیشن/ریواسکولرائزیشن، 48، 49 یا روٹ کینال کا علاج شروع کیا جانا چاہیئے (اینڈوڈونٹک تحفظات کو دیکھیں)۔
11. سیسٹیمیٹک اینٹی بائیوٹکس کا انتظام کریں۔ 34، 35 (دیکھیں: "اینٹی بائیوٹکس") ۔
12. تشنج سے بچاؤ کے ٹیکے لگنے کی کیفیت چیک کریں۔ 36 (دیکھیں: "تشنج")۔
13. آپریشن کے بعد کی ہدایات فراہم کریں۔ (دیکھیں: "آپریشن کے بعد کی ہدایات") ۔
14. فالو اپ کریں۔ (دیکھیں: "فالو اپ کا طریقہ کار")

3.2.3 دانت کے منہ سے باہر ہونے کا وقت 60 منٹ سے زیادہ

1. سطح کے ملبے کے لئے اوولزڈ دانت کی جانچ کریں۔ کسی بھی ملبے کو ذخیرہ انگیز محلول میں ہلکے سے ہلا کر ہٹا دیں۔ متبادل طور پر، جڑ کی سطح کو ملہی کے ساتھ دھولیں۔

2. تفسیلت حاصل کرتے ہوئے، مریض کا طبی اور X-ray معائنہ کرتے ہوئے، اور مریض کو ریپلانٹیشن کے لیے تیار کرتے ہوئے دانت کو ذخیرہ انگیز محلول میں رکھیں۔

3. مقامی اینستھیزیا کا اندراج کریں، ترجیحی طور پر ویسوکانسٹریکٹر کے بغیر-37

4. جراثیم سے پاک ملہی کے ساتھ ساکٹ کو صاف کریں کریں۔

5. الویولر ساکٹ کی جانچ کریں۔ اگر ساکٹ کی دیوار میں فریکچر ہے تو، کسی مناسب آلے کے ساتھ ٹوٹے ہوئے ٹکڑے کو اس کی اصل پوزیشن پر لے آئیں۔

6. انگلیوں سے ہلکے دباؤ کے ساتھ دانت کو آہستہ آہستہ دوبارہ لگائیں۔

7. دوبارہ لگائے گئے دانت کی طبی اور X-ray دونوں لحاظ سے درست پوزیشن کی تصدیق کریں۔

8. 0.016" یا 0.4 ملی میٹر تک قطر کے غیر فعال، لچکدار تار کا استعمال کرتے ہوئے دانت کو 2 ہفتوں تک مستحکم کریں۔ متبادل طور پر، نائلون فشنگ لائن (0.13-0.25 ملی میٹر) کو دانتوں سے جوڑنے کے لیے کمپوزٹ کا استعمال کرتے ہوئے لچکدار سپلنٹ بنانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ بچوں کے لیے نائلون (فشنگ لائن) سپلنٹ کی سفارش نہیں کی جاتی ہے جب صرف چند ثانوی دانت ہوں کیونکہ حادثے سے متاثرہ دانت کے استحکام کی ضمانت نہیں دی جا سکتی۔ منسلک الویولر یا جبڑے کی ہڈی کے فریکچر کی صورتوں میں، زیادہ سخت سپلنٹ کا کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے اور اسے تقریباً 4 ہفتوں تک اپنی جگہ پر چھوڑ دینا چاہیئے۔

9. اگر مسوڑھوں میں چیر موجود ہوں، تو ان کو ٹانکے لگا دیں۔

10. بچوں میں غیر مکمل دانتوں کی ریپلانٹیشن کرنے کا مقصد گودے کی ریواسکولرائزیشن ہے، جو کہ جڑوں کو مزید بڑھنے میں مدد کرسکتا ہے۔ بیرونی انفیکشن (سوزش) سے متعلق جڑ کی ریسورپشن کے خطرات کو ریواسکولرائزیشن کے مقابلے میں موازنہ چاہیئے۔ بچوں میں اس طرح کی ریزورپشن بہت تیزی سے ہوتی ہے۔ اگر خود بخود ریواسکولرائزیشن نہیں ہوتی ہے تو گودا نیکروسس اور انفیکشن کی وجہ سے ہی اپکسیفکشن، پلپ ریوائٹلائزیشن/ریواسکولرائزیشن، 48، 49 یا روٹ کینال کا علاج شروع کیا جانا چاہیئے (اینڈوڈونٹک تحفظات کو دیکھیں)۔

11. سیسٹیمیٹک اینٹی بائیوٹکس کا انتظام کریں۔ 34، 35 (دیکھیں: "اینٹی بائیوٹکس")

12. تشنج سے بچاؤ کے ٹیکے لگنے کی کیفیت چیک کریں۔ 36 (دیکھیں: "تشنج")۔

13. آپریشن کے بعد کی ہدایات فراہم کریں۔ (دیکھیں: "آپریشن کے بعد کی ہدایات")

14. فالو اپ کریں۔ (دیکھیں: "فالو اپ کا طریقہ کار")

تاخیر سے ریپلانٹیشن کی طویل مدتی پشگوئی خراب ہے۔ پیریڈونٹل پٹھے نکروٹک ہو جاتے ہیں اور اس کے دوبارہ پیدا ہونے کی توقع نہیں ہوتی ہے۔ متوقع نتیجہ انکیلوسس سے متعلق (تبدیلی) جڑوں کی ریزورپشن ہے۔ ان صورتوں میں ریپلانٹیشن کا مقصد الویولر ہڈیوں کے بحالی، چوڑائی اور اونچائی کو برقرار رکھتے ہوئے، کم از کم عارضی طور پر جمالیات اور فنکشن کو بحال کرنا ہے۔ لہذا، ایک ثانوی دانت کو دوبارہ لگانے کا فیصلہ تکریباً ہمیشہ درست فیصلہ ہوتا ہے یہاں تک کہ اگر دانت کے خشک ہونے کا وقت 60 منٹ سے زیادہ ہو۔ ریپلانٹیشن مستقبل کے علاج کے اختیارات کو کھلا رکھے گا۔ اور اگر ضرورت ہو، فوری بین الضابطہ تشخیص کے بعد مناسب مقام پر دانت نکالا بھی جا سکتا ہے۔ اطفال کے مریضوں کے والدین کو مطلع کیا جانا چاہیئے کہ ڈیکورونیشن (decoronation) یا دیگر طریقہ کار جیسا کہ آٹو ٹرانسپلانٹیشن (autotransplantation) بعد میں ضروری ہو سکتا ہے اگر دوبارہ لگائے گئے دانت اینکائیلوزڈ اور انفرا پوزیشنڈ ہو جائیں، مریض کی شرح نمو 41-46 اور دانت کے حتمی نقصان کے امکان پر منحصر ہے۔ انکیلوسس اور رزورپشن کی شرح کافی مختلف ہوتی ہے اور یہ غیر متوقع ہو سکتی ہے۔

4 اینستھیٹکس

اوولزڈ دانت کا بہترین علاج اس کو حادثے کی جگہ پر فوری طور پر دوبارہ لگانا ہے، جو عام طور پر تکلیف دہ نہیں ہوتا ہے۔ جب کہ مقامی اینستھیزیا دانت کو چوٹ لگنے کی جگہ پردستیاب نہیں ہوتا، ایک بار جب مریض دانتوں یا طبی سہولت پر پہنچ جاتا ہے، تو مقامی اینستھیزیا کے ذریعے درد پر قابو پانے کی ہمیشہ سفارش کی جاتی ہے۔ اس بارے میں خدشات ہیں کہ بے ہوشی کے حال میں مقامی اینستھیزیا میں واسوکنسٹرکٹر کا استعمال شفا یابی کو متاثر کر سکتا ہے۔ تاہم، منہ اور میکسیلو فیشل علاقے میں ویسوکانسٹریکٹر کو نا استعمال کرنے کے بہت کم ثبوت موجود ہیں۔ ریجنل اینستھیزیا (مثلاً infraorbital nerve block) کو زیادہ شدید چوٹ کے معاملات میں انفلٹریشن (infiltration) اینستھیزیا کے متبادل کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے اور اس کا تعین معالج کے ایسے بلاک انجیکشن فراہم کرنے کے تجربے سے کیا جانا چاہیئے۔51, 52

5 سیسٹیمک اینٹی بائیوٹکس

اگرچہ اینٹی بائیوٹکس کی نظامی انتظامیہ کی قدر بہت زیادہ قابل اعتراض ہے، ایک اوولزڈ دانت کے پیریڈونٹل پٹھے اکثر منہ، ذخیرہ انگریز محلول اور اولژن ہونے والی جگہ کے بیکٹیریا سے آلودہ ہو جاتے ہیں۔ اس لیے، اولژن اور ریپلانٹیشن کے بعد سیسٹیمیٹک اینٹی بائیوٹک کے استعمال کی سفارش کی گئی ہے تاکہ انفیکشن سے متعلق رد عمل کو روکا جا سکے اور سوزش کی جڑوں کے ریزورپشن کے واقعات کو کم کیا جا سکے۔ مزید برآں، مریض کی طبی حالت یا اس کے ساتھ لگنے والی چوٹوں کے لیے اینٹی بائیوٹک کوریج کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ تمام معاملات میں، مریض کی عمر اور وزن کے مطابق مناسب خوراک کا حساب لگانا چاہیئے۔

اموکسیلن یا پینسلن کی تاثیر اور ضمنی اثرات کے کم واقعات کی وجہ سے پہلی انتخاب ہے۔ پینسلن سے الرجی والے مریضوں کے لیے متبادل اینٹی بائیوٹکس پر غور کیا جانا چاہیئے۔ ٹیٹراسائکلین (tetracycline) کی مؤثریت اولژن اور ریپلانٹیشن کے فوراً بعد جانوروں کے ماڈلز میں ظاہر کی گئی ہے۔ خاص طور پر، ڈوکسیسائکلین (doxycycline) جو کہ استعمال کرنے کے لئے ایک مناسب جراثیم مخالف، غیر التہابی، اور غیر جذبی اینٹی بائیوٹک ہے۔ تاہم، نوجوان مریضوں میں ٹیٹراسائکلین کے سیسٹیمیٹک اندراج سے پہلے مستقل دانتوں پر اس کی وجہ سے ڈاگ لگنے کے خدشات پر غور کیا جانا چاہیئے۔ عام طور پر 12 سال سے کم عمر کے مریضوں کے لیے ٹیٹراسائکلین یا ڈوکسیائکلین کی سفارش نہیں کی جاتی ہے۔

6 ٹاپیکل اینٹی بائیوٹکس

ریواسکولرائزیشن کے حوالے سے ریپلانٹیشن سے پہلے جڑ کی سطح پر رکھی گئی ٹاپیکل اینٹی بائیوٹکس کا اثر متنازعہ ہے۔ جب کہ جانوروں کے مطالعے نے بہت زیادہ صلاحیت ظاہر کی ہے، 59-61 انسانی مطالعات جب دانتوں کو ٹاپیکل اینٹی بائیوٹکس میں بھگو دیا جاتا ہے تو گودا کی بحالی کو بہتر بنانے میں ناکام رہے ہیں۔ 62 اس لیے، کسی مخصوص اینٹی بائیوٹک، استعمال کی مدت، یا استعمال کے طریقے انسانی مطالعات کی بنیاد پر تجویز نہیں کئے جا سکتے (تحقیق کے مستقبل کے شعبے دیکھیں)۔

7 تشنج

اگرچہ زیادہ تر لوگوں کو تشنج سے حفاظتی ٹیکے اور بوسٹر ملتے ہیں، لیکن یہ تصور نہیں کیا جا سکتا کہ ہمیشہ ایسا ہی ہوتا ہے۔ تشنج بوسٹر کی ضرورت کا اندازہ لگانے کے لیے مریض کو کسی معالج کے پاس بھیجیں۔

8 دوبارہ لگائے گئے دانتوں کا استحکام (سپلینٹنگ)

دوبارہ لگائے گئے دانت کو درست پوزیشن میں برقرار رکھنے، مریض کو سکون فراہم کرنے اور فنکشن کو بہتر بنانے کے لیے اوولزڈ دانتوں کو ہمیشہ استحکام کی ضرورت ہوتی ہے۔ موجودہ شواہد دوبارہ لگائے گئے دانتوں کے استحکام کے لیے قلیل مدتی، غیر فعال اور لچکدار سپلنٹس کی حمایت کرتے ہیں۔ مطالعات سے پتہ چلتا ہے کہ پیریڈونٹل اور گودے کی شفا یابی کو فروغ دیا جاتا ہے اگر دوبارہ لگائے جانے والے دانت کو ہلکی حرکت اور کام کا نشانہ بنایا جائے، 66 جو کہ نائلون فشنگ لائن (0.13-0.25 ملی میٹر) کے ساتھ حاصل کیا جاتا ہے اور کمپوزٹ کے ساتھ دانتوں سے جڑا ہوا ہے۔ دوبارہ لگائے گئے مستقل دانتوں کو جڑ کی لمبائی اور مکملیت کے لحاظ سے 2 ہفتوں کی مدت کے لیے مستحکم کیا جانا چاہیئے۔ جانوروں کے ایک مطالعے سے معلوم ہوا ہے کہ زخمی PDL کی 60% سے زیادہ

مکینیکل خصوصیات چوٹ لگنے کے بعد 2 ہفتوں کے اندر واپس آجاتی ہیں۔ 69 تاہم، ریپلانٹیشن کے بعد کامیاب پیریڈونٹل شفا یابی کا امکان سپلنٹنگ کی مدت سے متاثر نہیں ہوتا۔

تار (یا نائلون لائن) اور کمپوزٹ اسٹیبلائزیشن کو لیبیل (labial) سطحوں پر لگایا جانا چاہیئے تا کہ اوکلوسل (occlusal) مداخلت سے بچا جا سکے اور اینڈوڈونٹک طریقہ کار کے لیے طالو/زبانی (palatal/lingual) رسائی کو ممکن بنایا جا سکے۔ مختلف قسم کے تار (یا نائلون لائن) اور ایسڈ اینچ بانڈڈ اسٹیبلائزیشن (acid etch bonded stabilization) کا استعمال اولزڈ دانتوں کو مستحکم کرنے کے لیے کیا گیا ہے کیونکہ یہ منہ کی اچھی صفائی کی اجازت دیتا ہے اور مریض اس کو اچھی طرح برداشت کرتے ہیں۔ تختی کو برقرار رکھنے اور ثانوی انفیکشن سے بچنے کے لیے، اور مریض کو نسبتاً آسان صفائی کی اجازت دینے کے لیے کمپوزٹ اور بانڈنگ ایجنٹوں کو مارجنل مسوڑھے اور داتوں کے درمیانی علاقوں سے دور رکھنا انتہائی اہم ہے۔ مریض اور والدین کو مشورہ دیا جانا چاہیئے کہ سپلنٹ کو ہٹانے پر، زخمی دانت ہل سکتے ہیں۔ سپلنٹ کا ایک اضافی ہفتہ صرف اس صورت میں مناسب ہے جب مخالف دانتوں سے چوٹ دانت کو مزید نقصان پہنچا سکتی ہے یا اگر اولزڈ دانت درست جگہ پر رہنے سے قاصر ہے۔ اس کا اندازہ سپلنٹ کو ہٹانے کے بعد کیا جانا چاہیئے اور اوکلوژن کی جانچ پڑتال کی جانی چاہیئے۔

9 مریض کی ہدایات

مریض کا فالو اپ اور گھر میں دیکھ بھال میں شرکت ایک زخم یا چوٹ کے بعد تسلی بخش شفا میں معاون ہے۔ 2, 24, 25, 27, 29 دونوں مریضوں اور نوجوان مریضوں کے والدین یا سرپرستوں کو زیادہ سے زیادہ شفا اور مزید چوٹ کی روک تھام کے لیے دوبارہ لگائے گئے دانت کی دیکھ بھال کے بارے میں مشورہ دیا جانا چاہیئے۔ انہیں مندرجہ ذیل مشورے دیے جانے چاہیئیں:

1. ایسے کھیل جن میں چوٹ لگنے کے خدشات ہیں ان میں شرکت سے گریز کریں۔
2. مریض کی برداشت کے مطابق 2 ہفتوں تک نرم غذا برقرار رکھیں۔65
3. ہر کھانے کے بعد اپنے دانتوں کو نرم برش سے برش کریں۔
4. کلورہیکسیڈین (0.12%)، منہ کللا کے پانی کو دن میں دو بار 2 ہفتوں کے لیے استعمال کریں۔

10 اینڈوڈونٹک تحفظات

جب اینڈوڈونٹک علاج کی ضرورت ہوتی ہے (بند نوک والے دانت)، 17، 73-81 علاج 2 ہفتوں کے شروع کیا جانا چاہیئے۔ اینڈوڈونٹک علاج ہمیشہ ڈینٹل ڈیم کے ساتھ کیا جانا چاہیئے۔ یہ ڈینٹل ڈیم ریٹینر کو پڑوسی غیر زخمی دانتوں پر رکھ کر حاصل کیا جا سکتا ہے تاکہ زخمی دانتوں/ دانتوں کو مزید چوٹ سے بچایا جا سکے۔

کیلشیم ہائیڈرو آکسائیڈ (calcium hydroxide) کو 1 ماہ تک انٹراکینال دوا کے طور پر تجویز کیا جاتا ہے جس کے بعد روٹ کینال بھرنا ہوتا ہے۔ اگر کورٹیکوسٹیرائڈ (corticosteroid) یا کورٹیکوسٹیرائڈ/اینٹی بائیوٹک مرکب کو غیر التہای، اور غیر جذبی انٹرا کینال دوا کے طور پر استعمال کرنے کے لیے منتخب کیا جاتا ہے، تو اسے ریپلانٹیشن کے فوراً بعد یا تھوڑی دیر بعد رکھا جانا چاہیئے اور کم از کم 6 ہفتوں کے لیے اس حالت میں چھوڑ دینا چاہیئے۔ روٹ کینال کے سسٹم میں دواؤں کو احتیاط سے بھرا جانا چاہیئے تاکہ دانتوں کے کرائون میں جگہ نہ بچ سکے۔ کچھ دوائیں دانتوں کی رنگت کو خراب کرتی ہیں، جس سے مریض عدم اطمینان کا باعث بنتے ہیں۔

کھلے دانتوں میں، ایک دم پلپ سپیس ریواسکولرائزیشن (spontaneous pulp space revascularization) ہو سکتی ہے۔ اس طرح، روٹ کینال کے علاج سے گریز کیا جانا چاہیئے جب تک کہ فالو اپ امتحانات میں گودا نیکروسس اور روٹ کینال سسٹم کے انفیکشن کے کلینکل یا Xray ثبوت نہ ہوں۔ انفیکشن سے متعلق سوزش جڑ کی ریسورپشن کے خطرات کو پلپ سپیس ریواسکولرائزیشن کے مقابلے میں موازنہ چاہیئے۔ بچوں میں اس طرح کی ریزورپشن بہت تیزی سے ہوتی ہے۔

ایسے معاملات میں جہاں گودا نیکروسس اور روٹ کینال کے انفیکشن کی تشخیص ہوتی ہے، روٹ کینال علاج، ایپکسیفیکیشن یا پلپ سپیس ریواسکولرائزیشن/ریوائٹلائزیشن کی جانی چاہیئے۔ ایسے معاملات میں جہاں اینکیلوسس کی توقع کی جاتی ہے اور ڈیکورونیشن کی توقع کی جاتی ہے، استعمال شدہ انٹراکینال مواد اور ان کی مدت پر مناسب غور کیا جانا چاہیئے۔

11 فالواپ کا طریقہ کار

11.1 کلینکل اختیار

دوبارہ لگائے گئے دانتوں کی طبی اور Xray کے لحاظ سے 2 ہفتوں (جب سپلنٹ کو ہٹا دیا جائے)، 4 ہفتے، 3 ماہ، 6 ماہ، ایک سال اور اس کے بعد کم از کم پانچ سال تک نگرانی کی جانی چاہیئے۔2، 6-9، 25، 26، 85 کلینکل اور Xray امتحان نتائج کا تعین کرنے کے لیے معلومات فراہم کرتے ہیں ۔ تشخیص میں مندرجہ ذیل بیان کردہ نتائج شامل ہو سکتے ہیں۔

کھلی نوک والے دانتوں کے لیے جہاں ایک دم (سپونٹینوس) پلپ سپیس ریواسکولرائزیشن ممکن ہو، کلینکل اور Xray جائزے زیادہ کثرت سے ہونے چاہیئیں کیونکہ جب اس کی جلد شناخت نہیں کی جاتی ہے، تو انفیکشن سے متعلق ریزورپشن اور دانت اور معاون ہڈی کے تیزی سے گرنے کا خطرہ ہوتا ہے۔ جڑ کے ارد گرد کہیں بھی جڑوں اور/یا ہڈیوں کی ریزورپشن کے ثبوت کو انفیکشن سے متعلق (سوزش) ریسورپشن سے تعبیر کیا جانا چاہیئے۔ پیریڈونٹل پٹھے کی جگہ کی Xray میں عدم موجودگی، ہڈی کا جڑ کی جگہ لے لینا، تھپتھپانے پر دھاتی آواز، کو اینکیلوسس سے متعلق (متبادل) ریسورپشن سے تعبیر کیا جانا چاہیئے۔ یہ بات قابل غور ہے کہ دو

قسم کی ریزورپشن بیک وقت ہو سکتی ہے۔ ان وجوہات کی بناء پر، کھلی نوک والے دوبارہ لگائے گئے دانتوں کی کلینکل اور Xray طور پر 2 ہفتوں (جب سپلنٹ کو ہٹا دیا جاتا ہے)، 1، 2، 3، 6 ماہ، ایک سال، اور اس کے بعد سالانہ کم از کم پانچ سال تک نگرانی کی جانی چاہیئے۔ 6-9، 25، 26، 85

11.2 سازگار نتائج

11.2.1 بند نوک

غیر علامتی، فعال، عام نقل و حرکت، تھپتھپانے پر کوئی حساسیت نہیں، اور نارمل تھپتھپاہٹ کی آواز۔ کوئی ریڈیولوسینسی یا جڑوں کی ریسورپشن کا ثبوت نہیں ہے۔ لیمینا ڈورا نارمل دکھائی دیتا ہے۔

11.2.2 کھلی نوک

غیر علامتی، فعال، نارمل نقل و حرکت، تھپتھپانے پر کوئی حساسیت نہیں، اور نارمل تھپتھپاہٹ کی آواز۔ مسلسل جڑوں کی تشکیل اور دانتوں کے نکلنے کا Xray میں ثبوت۔ پلپ کینال کے خاتمے کی توقع کی جاتی ہے اور حادثے کے بعد پہلے سال کے دوران کسی وقت Xray کے ذریعے پہچانا جا سکتا ہے۔ یہ وہ طریقہ کار سمجھا جاتا ہے جس کے ذریعے غیر مکمل ثانوی دانتوں کی ریپلانٹیشن کے بعد گودا ٹھیک ہو جاتا ہے۔

11.3 ناموافق نتائج

11.3.1 بند نوک

مریض کو علامات ہو ہو سکتیں ہیں اور نہیں بھی؛ سوجن یا سائنس ٹریکٹ کی موجودگی؛ دانت میں زیادہ حرکت ہو سکتی ہے یا بلکل حرکت نہیں (انکیلوسس) جس کے ساتھ (دھاتی) ٹھوس چٹخانے کی آواز ہوتی ہے۔ ریڈیولوسینسیس کی موجودگی۔ انفیکشن سے متعلق (سوزش) ریسارپشن، انکیلوسس سے متعلق (ریپلیسمنٹ) ریسارپشن، یا دونوں کا Xray میں ثبوت۔ جب انکیلوسس ایک بڑھتے ہوئے مریض میں ہوتا ہے تو دانت کے انفرا پوزیشن ہونے کا امکان ہے جو مختصر، درمیانہ اور لمبے عرصے میں الویولر اور چہرے کی نمو میں خلل کا امکان پیدا کر سکتا ہے۔

11.3.2 کھلا اپیکس

مریض کو علامات ہو ہو سکتیں ہیں اور نہیں بھی؛ سوجن یا سائنس ٹریکٹ کی موجودگی؛ دانت میں زیادہ حرکت ہو سکتی ہے یا بلکل حرکت نہیں (انکیلوسس) جس کے ساتھ (دھاتی) ٹھوس چٹخانے کی آواز ہوتی ہے۔ اینکیلوسس^ کی صورت میں، دانت بتدریج انفرا پوزیشنڈ ہو سکتے ہیں۔ ریڈیولوسینسیس کی موجودگی۔ انفیکشن سے متعلق (سوجش) ریسارپشن، انکیلوسس سے متعلق (ریپلیسمنٹ) ریسارپشن، یا جڑوں کی مسلسل تشکیل کی عدم موجودگی کے Xray میں ثبوت۔ جب انکیلوسس ایک بڑھتے ہوئے مریض میں ہوتا ہے، تو دانت میں انفرا پوزیشن ہونے کا امکان ہے جو مختصر، درمیانہ اور لمبے عرصے میں الویولر اور چہرے کی نمو میں خلل کا امکان پیدا کر سکتا ہے۔

12 طویل المدتی فالو اپ دیکھ بھال (دانت کا نقصان یا انفرا اوکلوژن^)

طویل المدتی فال اپ میں ابتدائی علاج کرنے والے اور ثانوی دیکھ بھال میں مہارت رکھنے والے (بین الضابطہ ٹیم جیسے کہ ایک آرتھوڈانٹسٹ (orthodontist) اور بچوں کا دندانہ ڈاکٹر (pedodontist) اور/یا اینڈوڈانٹسٹ (endodontist)) ڈاکٹرز کے درمیان اچھا تنظیمی تعلقات کی ضرورت ہوتی ہے جو پیچیدہ ڈینٹو-الوئیولر چوٹ کے مکمل کی انتظامی حکمت عملی میں موزوں تجربہ اور تربیت رکھتے ہیں۔ ٹیم دوسرے ماہرین سے فائدہ اٹھائے گی جو طویل مدتی نگہداشت فراہم کریں گے جیسے کہ بانڈڈ بریج (bonded bridge)، ٹرانسپلانٹ (transplant)، یا امپلانٹ (implant)۔ ایسے حالات میں جہاں بین الضابطہ ٹیم تک رسائی ممکن نہ ہو، دانتوں کے ڈاکٹروں سے صرف اپنے تجربے، تربیت اور اہلیت کے اندر فالو اپ دیکھ بھال اور علاج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

مریضوں یا والدین اور بچوں کو جلد از جلد دانت کی تشخیص کے بارے میں مکمل طور پر آگاہ کرنے کی ضرورت ہے۔ انہیں فیصلہ سازی کے عمل میں پوری طرح مشغول ہونا چاہیئے۔ مزید برآں، علاج کے مختلف اختیارات کے لیے درکار ممکنہ اخراجات اور وقت پر کھل کر بات کی جانی چاہیئے۔

ایسے معاملات میں جہاں حادثےکے بعد ہنگامی مرحلے میں دانت ضائع ہو جاتے ہیں، یا بعد میں ضائع ہونے کا امکان ہے، ان معاملات کو سنبھالنے میں مہارت رکھنے والے مناسب ٹیم کے ساتھ بحث اچھا عمل ہے، خاص طور پر بڑھتے ہوئے مریضوں میں۔ مثالی طور پر، یہ بحث اس وقت ہونے چاہیئے جب دانت میں انفرا پوزیشن کی علامتیں نظر آتی ہیں۔ مناسب علاج کے اختیارات میں ڈیکورونیشن، آٹو ٹرانسپلانٹیشن، ریزن ریٹینڈ بریج (bridge retained resin)، ہٹانے کے قابل جزوی ڈینچر یا آرتھوڈانٹک سپیس کلوژر (ریزن کمپوزٹ کے ساتھ یا اس کے بغیر) ہو سکتے ہیں۔ علاج کے فیصلے مریض یا بچے اور والدین اور معالج کی مہارت کے ساتھ مکمل بحث پر مبنی ہوتے ہیں جس کا مقصد دانت کے مکمل ہونے تک تمام اختیارات کو کھلا رکھنا ہے۔ ڈیکوریشن کرنے کا فیصلہ اس وقت کیا جاتا ہے جب اینکائیلوزڈ دانت انفرا اوکلوژن کا ثبوت دکھاتا ہے جو کہ جمالیاتی طور پر ناقابل قبول سمجھا جاتا ہے اور اسے سادہ بحالی علاج سے درست نہیں کیا جا سکتا۔ ان طریقہ کار کے بارے میں مزید پڑھنے کے لیے قارئین کو متعلقہ نصابی کتب اور جریدے کے مضامین کا حوالہ دیا جاتا ہے۔

13 بنیادی نتیجہ سیٹ

IADT نے حال ہی میں بچوں اور بڑوں میں تکلیف دہ دانتوں کی چوٹوں (TDI) کے لیے ایک بنیادی نتیجہ سیٹ (COS) تیار کیا ہے۔ یہ COS دندان سازی یا ڈینٹل سرجری میں تیار ہوا صفہ اول میں سے ہیں۔ اس کی بنیاد مضبوط اتفاق رائے کی پیروی اور نتائج کے منظم جائزے کے ذریعے رکھی گئی ہے۔ کچھ نتائج کی شناخت مختلف چوٹوں کی اقسام میں بار بار آنے کے طور پر کی گئی۔ ان نتائج کو پھر "عام" (یعنی تمام TDIs سے متعلقہ) کے طور پر شناخت کیا گیا۔ چوٹ کے مخصوص

نتائج کا بھی تعین کیا گیا تھا کیونکہ وہ نتائج صرف ایک یا زیادہ انفرادی TDIs سے متعلق تھے۔ مزید براں، مطالعہ نے یہ ثابت کیا کہ کیا، کیسے، کب، اور کس کے ذریعہ ان نتائج کی پیمائش کی جانی چاہیئے۔ ہر ایک نتیجے کے لیے مزید معلومات اصل مضمون میں بیان کی گئی ہیں-87

عام نتائج:

1. پیریڈونٹل شفا یابی
2. پلپ سپیس شفا یابی (کھلے دانتوں کے لیے)
3. درد
4. رنگ کی تبدیلی
5. دانت کا ضائع ہو جانا
6. زندگی کا معیار
7. خوبصورتی (مریض کا تصور)
8. حادثے سے متعلق خوف
9. کلینک کے دوروں کی تعداد

چوٹ کے مخصوص نتائج:

1. انفرا اوکلوژن

14 تحقیق کے مستقبل کے شعبے — جن موضوعات پر بحث کی گئی ہے لیکن ان ہدایات کوسفارشات کے طور پر شامل نہیں کیا گیا

متفقہ گروپ میں اوولزڈ دانتوں کے علاج کے کئی امید افزا طریقہ کار پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ ان میں سے کچھ علاج کی تجاویز میں کچھ تجرباتی ثبوت ہیں، اور کچھ کو طبی مشق میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ورکنگ گروپ کے اراکین کے مطابق، فی الحال ان ہدایات میں تجویز کیے جانے والے ان طریقوں میں سے کچھ کے لیے طبی اور/یا تجرباتی ثبوت کا وزن یا معیار ناکافی ہے۔ گروپ مندرجہ ذیل کے لیے مزید تحقیق اور دستاویزات کی وکالت کرتا ہے:

1. پلپ سپیس ریواسکولرائزیشن - امریکن ایسوسی ایشن آف اینڈوڈونٹسٹ 89 (AAE) اور یورپی سوسائٹی آف اینڈوڈونٹولوجی (ESE) کے ذریعہ شائع کردہ ہدایات دیکھیں۔
2. پیریوڈانٹل اور پلپ صحت کے متعلق، بہترین سپلنٹ کی قسمیں اور وقت کی مدت کا انتخاب۔

3. ویسوکانسٹریکٹر پر مشتمل مقامی اینستھیٹک کے استعمال کا شفا یابی پر اثر۔
4. جڑ کی صحت یابی اور روٹ ریسارپشن پر ٹوپیکل اور سسٹمک اینٹی بائیوٹکس کے اثرات۔
5. شفا یابی اور جڑوں کی ریزورپشن پر انٹراکینال کورٹیکوسٹیرائڈز کا اثر۔
6. ریپلانٹیشن اور ڈیکورونیشن کے بعد الویولر کرسٹ کی طویل مدتی نمو۔
7. معمول کے کام کی بحالی پر پیریڈونٹل تخلیق نو کا اثر۔
8. ریپلانٹیشن کے بعد پیریڈونٹل شفا یابی۔
9. ریپلانٹیشن کے بعد گھر میں دیکھ بھال۔

مفادات کا تصادم

مصنفین اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ ان کی دلچسپی کا کوئی تنازعہ نہیں ہے۔

اخلاقی منظوری

اس مقالے کے لیے کسی اخلاقی منظوری کی ضرورت نہیں تھی۔

ڈس کلیمر

ان ہدایات کا مقصد دانتوں کی چوٹ کے مریضوں کی دیکھ بھال کرنے والے صحت کے مہیا کار کے لیے معلومات فراہم کرنا ہے۔ یہ لٹریچر کی تحقیق اور پیشہ ورانہ رائے پر مبنی موجودہ بہترین ثبوت کی نمائندگی کرتے ہیں۔ جیسا کہ تمام ہدایات کے لیے درست ہے، صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کو کسی بھی تکلیف دہ صورت حال میں موجود حالات کے مطابق طبی فیصلے کا استعمال کرنا چاہیئے۔ IADT ہدایات پر عمل کرنے سے سازگار نتائج کی ضمانت نہیں دیتا، لیکن تجویز کردہ طریقہ کار کا استعمال کامیابی کے امکانات کو زیادہ سے زیادہ سازگار بنا سکتا ہے۔

International Association of Dental Traumatology guidelines for the management of traumatic dental injuries: 3. Injuries in the primary dentition

Peter F. Day[1], Marie Therese Flores[2], Anne C. O'Connell[3], Paul V. Abbott[4], Georgios Tsilingaridis[5,6], Ashraf F. Fouad[7], Nestor Cohenca[8], Eva Lauridsen[9], Cecilia Bourguignon[10], Lamar Hicks[11], Jens Ove Andreasen[12], Zafer C. Cehreli[13], Stephen Harlamb[14], Bill Kahler[15], Adeleke Oginni[16], Marc Semper[17], Liran Levin[18]

دانتوں کی تکلیف دہ چوٹوں کی انتظامی حکمت عملی کے لیے بین الاقوامی ایسوسی ایشن آف ڈینٹل ٹراماٹولوجی کی ہدایات: 3. بنیادی دندان سازی میں چوٹیں

پیٹر ایف ڈے[1]، میری تھیریس فلورس[2]، این سی او کونل[3]، پال وی ایبٹ[3]، جارجیوس سلنگاریڈیس[5,6]، اشرف ایف فواد[7]، نیسٹر کوہنکا[8]، ایوا لاریڈسن[9]، سیسلیا بورگینن[10]، لامر ہکس[11]، جینز اوو اینڈریسن[12]، ظفر سی سیہریلی[13]، اسٹیفن ہارلم[14]، بل کاہلر[15]، اڈیلیک اوگنی[16]، مارک سیمپر[17]، لیران لیون[18]

خلاصہ

بنیادی دندان سازی میں حادثے کی صورت میں خاص مسائل پیش آتے ہیں، جو کہعام طور پر ثانوی دانتوں کی چوٹوں کی انتظامی حکمت عملی سے مختلف ہوتے ہیں۔ بین الاقوامی ایسوسی ایشن آف ڈینٹل ٹراماٹولوجی (IADT) نے دانتوں کے لٹریچر اور ورکنگ گروپ کی بحث کا جامع جائزہ لینے کے بعد ان ہدایات کو ایک متفقہ بیان کے طور پر تیار کیا ہے۔ مختلف خصوصیات کے تجربہ کار محققین اور معالجین اور عام دندان سازی کی برادری کو ورکنگ گروپ میں شامل کیا گیا تھا۔ ایسی صورتوں میں جہاں شائع شدہ معلومات حتمی طور پر ظاہر نہیں ہوئی، سفارشات ورکنگ گروپ کے متفقہ رائے یا اکثریتی فیصلوں پر مبنی تھیں۔ پھر ان کا جائزہ لیا گیا اور IADT بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبران نے ان کی منظوری دی۔ ان ہدایات کا بنیادی مقصد معالجین کو لٹریچر اور ماہرین کی آراء کے ذریعہ فراہم کردہ بہترین ثبوتوں کی بنیاد پر دانتوں کی بنیادی چوٹوں کی فوری دیکھ بھال کے لیے ایک نقطہ نظر فراہم کرنا ہے۔ IADT ہدایات پر عمل کرنے سے سازگار نتائج کی ضمانت نہیں دیتا، اور نہ ہی دے سکتا ہے۔ تاہم، IADT کا خیال ہے کہ ان کی درخواست نتائج کے امکان کو زیادہ سے زیادہ سازگار بنا سکتی ہے۔

1 تعارف

بچوں کو لگنے والی چوٹیں ان کی صحت کے لیے ایک بڑا خطرہ ہیں، اور یہ عام طور پر نظر انداز کیے جانے والے صحت عامہ کا مسئلہ ہے۔ 6-10 سال کی عمر کے بچوں کے لیے، تمام جسمانی چوٹوں میں سے 18% منہ کی چوٹیں ہوتی ہیں اور یہ سب سے عام چوٹ لگنے والے جسم کے حصے میں دوسرے نمبر پر آتی ہیں۔ 2 دانتوں کی تکلیف دہ چوٹوں (TDIs) پر حالیہ میٹا-تجزیہ (meta-analysis) سے پتہ چلتا ہے کہ عالمی سطح پر 22.7% بنیادی دانت TDIs کا شکار بنتے ہیں۔ 3 بار بار ہونے والے TDIs بھی اکثر بچوں میں دیکھے جاتے ہیں۔

غیر ارادی طور پر گرنا، ٹکراؤ، اور تفریحی سرگرمیاں TDIs کی سب سے عام وجوہات ہیں، خاص طور پر جب بچے اپنے جسمانی ماحول میں رینگنا، چلنا، دوڑنا، اور گلے لگانا سیکھتے ہیں۔ یہ عام طور پر 2 سے 6 سال کے بچوں میں پائے جاتے ہیں4-7 اور پیریڈونٹل بافتوں کی چوٹیں کثرت سے ہوتی ہیں۔ 6، 8 TDIs سے متاثر بچے مختلف صحت کی دیگر جگہوں پر آتے ہیں، جیسے کے عام دانتوں کے ڈاکٹر، ہنگامی طبی سروس، دوائی فروخت کرنے والے، کمیونٹی ڈینٹل کلینکس، اور خصوصی ڈینٹل سروسز۔ نتیجتاً، ہر خدمت فراہم کرنے والے کو مناسب علم، ہنر اور تربیت کی ضرورت ہوتی ہے کہ وہ TDIs سےشکار دانتوں کی بہتر دیکھ بھال کر سکے۔

بنیادی دانتوں کی ہدایات میں TDIs کی تشخیص اورانتظامی حکمت عملی کے لیے سفارشات شامل ہیں، یہ فرض کرتے ہوئے کہ بچہ طبی طور پر صحت مند ہے اور دانت کے کیڑوں اور دوسری بیمریوں سے پاک ہے۔ جہاں ایک سے زیادہ دانتوں کی چوٹیں ہوں وہاں انتظامی حکمت عملی بدل سکتی ہے۔ بہت سے مضامین نے ان ہدایات اور علاج کے ٹیبلز (1-12) کے مواد میں ڈالا ہے اور ان مضامین کا اس تعارفی متن میں کہیں اور ذکر نہیں کیا گیا ہے۔9-15

1.1 ابتدائی پیشکش اور بچے اور والدین کے لیے پریشانی کو کم کرنا

بچوں میں TDIs بچے اور والدین دونوں کے لیے پریشان کن ہے۔ یہ دانتوں کی ٹیم کے لیے بھی مشکل ہو سکتی ہیں۔ بنیادی دانتوں میں TDI اکثر بچے کا پہلی بار دانتوں کے ڈاکٹر کے پاس جانے کی وجہ ہو سکتی ہے۔ ابتدائی دورے کے دوران بچے اور والدین، یا دیگر دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے پریشانی کو کم کرنا ضروری ہے۔ اس چھوٹی عمر میں، بچہ ایک وسیع معائنے، X-ray اور علاج کے لیے تعاون کرنے کے خلاف مزاحمت کر سکتا ہے۔ آمنے سامنے (گھٹنے سے گھٹنے) تک کا معائنہ چھوٹے بچے کا معائنہ کرنے میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ TDI والے بچے کا معائنہ کرنے کے طریقہ کے بارے میں معلومات موجودہ نصابی کتب 16-18 میں مل سکتی ہیں یا درج ذیل ویڈیو (https://tinyurl.com/kneetokneeexamination) میں دیکھی جا سکتی ہیں۔ جہاں بھی ممکن ہو، علاج اور

فالواپ بچوں پر مبنی ٹیم کے ذریعے فراہم کیا جانا چاہیئے جس کے پاس بچوں کی چوٹوں کی انتظامی حکمت عملی میں تجربہ اور مہارت ہو۔ یہ ٹیمیں بہترین طریقے سے ماہرانہ تشخیصی اور علاجی خدمات تک رسائی حاصل کرسکتی ہیں، جیسے سیدیٹیشن، جنرل اینستھیزیا، اور تکلیف کو روکنے یا کم کرنے کے لیے درد کی حکمت عملی۔

1.2 ایک منظم انداز

یہ ضروری ہے کہ معالجین دانتوں کی تکلیف دہ چوٹوں کو سنبھالنے کے لیے ایک منظم انداز اختیار کریں۔ اس میں تفصیلات لینا، طبی معائنہ کرنا، ٹیسٹ کے نتائج جمع کرنا، اور اس معلومات کو کیسے ریکارڈ کیا جاتا ہے شامل ہیں۔ لٹریچر سے پتہ چلتا ہے کہ ابتدائی مشاورت میں منظم تفصیلات کا استعمال حادثے کے ریکارڈز کے معیار میں نمایاں بہتری کا باعث بنتا ہے جس میں ثانوی دانتوں کی نشاندہی شامل ہوتی ہے 5، 20۔ موجودہ نصابی کتب میں متعدد ساختی تاریخیں دستیاب ہیں 16-18 یا مختلف ماہر مراکز میں استعمال کی گئی ہیں۔21,22 منہ کے اندر اور باہر کی تصویریں چوٹوں کے مستقل ریکارڈ کے طور پر کام کرتی ہیں اور ان کو لینے کی سختی سے سفارش کی جاتی ہے۔

1.3 ابتدائی تشخیص

ایک محتاط طبی، سماجی (بشمول وہ لوگ جو بچے کے ساتھ آتے ہیں)، دانتوں اور حادثات کی تاریخ کا تعین کریں۔ ہڈیوں اور نرم بافتوں دونوں کی چوٹوں کے لیے سر اور گردن اور منہ کے اندر کا اچھی طرح سے معائنہ کریں۔ 17, 18 سر کی چوٹ، چہرے کے فریکچر، دانتوں کے ٹکڑوں کا غائب ہونا، یا زخموں کے ساتھ لگنے والی چوٹوں سے ہوشیار رہیں۔ اگر ضروری ہو تو طبی معائنہ کروائیں۔

1.4 نرم بافتوں کی چوٹیں

منہ کے اندر اور باہر نرم بافتوں کی چوٹوں کی شناخت، ریکارڈ، اور تشخیص کرنا ضروری ہے۔ ہونٹ، منہ، مسوڑھوں، اور فرینولا کو زخموں اور ہیماتوماس (جمع ہوا خون) کے لئے پرکھنا چاہیئے۔ دانتوں کے ممکنہ ٹکڑوں کے لیے ہونٹوں کی جانچ کی جانی چاہیئے۔ نرم بافتوں کی چوٹ کی موجودگی فوری دیکھ بھال کے حصول کے ساتھ مضبوطی سے وابستہ ہے۔ اس طرح کی چوٹیں عام طور پر 0 سے 3 سال کی عمر کے بچوں میں پائی جاتی ہیں۔ 24 نرم بافتوں کا انتظام، ابتدائی طبی امداد کے علاوہ، بچوں پر مبنی ٹیم کی طرف سے فراہم کیا جانا چاہیئے جو بچوں کے منہ کی چوٹوں کا تجربہ رکھتی ہے۔ مسوڑھوں اور نرم بافتوں کی چوٹوں

کے لیے گھر کی نگہداشت کے ساتھ والدین کی توجہ اہم ہے اور یہ دانتوں اور نرم بافتوں کی شفا یابی کے نتائج کو متاثر کرے گی۔ منہ کے اندر اور نرم بافتوں کی چوٹوں کے لیے گھر کی نگہداشت کی ہدایات بعد میں ان ہدایات میں بیان کی گئی ہیں۔

1.5 ٹیسٹ، کراؤن کی رنگت، اور X-rays

منہ کے اندر اور باہر کی تصویروں کی سختی سے سفارش کی جاتی ہے۔

دانت کے گودے کی حساسیت کے ٹیسٹ بنیادی دانتوں میں ناقابل اعتبار ہیں اور اس لیے ان کی سفارش نہیں کی جاتی ہے۔

دانتوں کی حرکت، رنگ، دباؤ سے دکھن، اور پوزیشن یا منتقلی کو ریکارڈ کیا جانا چاہیئے۔

ہر کلینک کے دورے پر زخمی اور غیر زخمی دانتوں کا رنگ ریکارڈ کیا جانا چاہیئے۔ لگسیشن کی چوٹوں کے بعد رنگت میں تبدیلی ایک عام پیچیدگی ہے۔ 8، 25-27 یہ تبدیلی ختم ہو سکتی ہے، اور ہفتوں یا مہینوں کے دوران دانت اپنی اصلی رنگت واپس حاصل کر سکتے ہیں۔ مستقل سیاہ رنگت والے دانت طبی اور X-ray کے لحاظ سے غیر علامتی طور پر نارمل رہ سکتے ہیں، یا ان میں اپیکل پیریوڈونٹائٹس (apical periodontitis) (علامات کے ساتھ یا اس کے بغیر) ہو سکتا ہے۔31, 32 رنگ میں تبدیلی کی بنا پر روٹ کینال کے علاج کی طرف اشارہ نہیں کیا جاتا جب تک کہ جڑ کی نالی کے نظام کے انفیکشن کی طبی یا X-ray علامات نہ ہوں۔18,33

ان ہدایات میں درست تشخیص کے لیے درکار X-ray کی تعداد کو کم کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کی گئی ہے، اس طرح بچے کے تابکاری سے متاثر ہونے کو کم کیا جا سکتا ہے۔ ضروری X-rays کے لیے، تابکاری کے تحفظ میں تھائیرائڈ کالر(Thyroid collar) کا استعمال شامل ہے جہاں تھائیرائڈ بنیادی X-ray بیم کے راستے میں ہوتا ہے اور لیڈ تہبند جب والدین بچے کو پکڑ رہے ہوتے ہیں۔ بچوں کے لیے تابکاری سے وابستہ خطرات ایک تشویش کا باعث ہیں کیونکہ وہ بالغوں کی نسبت زیادہ تر کینسروں کے لیے تابکاری کے اثرات کے لیے کافی زیادہ حساس ہوتے ہیں۔ اس کی وجہ لمبی عمر اور کچھ ترقی پذیر اعضاء اور بافتوں کی شدید تابکاری کی حساسیت ہے۔ 34، 35 اس لیے، معالجین کو چاہیئے کہ وہ ہر ایک X-ray پر سوال اٹھائیں کہ کیا اضافی X-rays بچے کے لیے فراہم کردہ تشخیص یا

علاج پر مثبت اثر ڈالیں گے۔ طبی ماہرین کو تابکاری کے مقدار کو کم سے کم کرنے کے لیے ALARA کے اصولوں کے مطابق کام کرنا چاہیئے۔ چھوٹے بچوں میں TDI کے بعد CBCT کا استعمال شاذ و نادر ہی ظاہر ہوتا ہے۔

1.6 تشخیص

تشخیص کے لئے ایک محتاط اور منظم نقطہ نظر ضروری ہے. معالجین کو ہر دانت کی تمام چوٹوں کی نشاندہی کرنی چاہیئے جس میں دونوں سخت بافتوں کی چوٹیں (مثلاً فریکچر) اور پیریڈونٹل چوٹیں (مثلاً لگسیشن) شامل ہیں۔ جب بنیادی دندانسازی میں اولژن اور لیٹرل لگسیشن کی چوٹوں کے بعد ہم آہنگ چوٹیں لگتی ہیں تو ان کا گودے کی بقا پر نقصاندہ اثر پڑتا ہے-27 اس کے ساتھ دی گئی ٹیبلز (1-12) اور ٹراما پاتھ فائنڈر ڈایاگرام (www.dentaltraumaguide.org) معالجین کو ہر زخمی دانت کے لیے تمام ممکنہ چوٹوں کی نشاندہی کرنے میں مدد کرتے ہیں۔

1.7 جان بوجھ کر (غیر حادثاتی) چوٹیں

دانتوں اور چہرے کی چوٹیں مقصودی چوٹوں کے نتیجے میں پیش آ سکتی ہیں۔ معالجین کو یہ جانچنا چاہیئے کہ آیا حادثے کی تاریخ اور لگنے والی چوٹیں مطابقت رکھتی ہیں یا نہیں۔ ایسے حالات میں جہاں بدسلوکی کا شبہ ہو، مکمل جسمانی معائنہ اور واقعے کی تحقیقات کے لیے فوری حوالے کا بندوبست کیا جانا چاہیئے۔ حوالے کو مقامی پروٹوکول کی پیروی کرنی چاہیئے، جو ان ہدایات کے دائرہ کار سے باہر ہے۔

1.8 ثانوی دانتوں پر اوروفیشل اور بنیادی دانت کے چوٹ کا اثر

بنیادی دانت کی جڑ کی نوک اور آنے والے ثانوی دانت درمیان قریبی مقامی تعلق ہے۔ دانتوں کی خرابی، متاثرہ دانت، اور ثانوی دانت کے باہر آنے میں میں خلل کچھ ایسے نتائج ہیں جو بنیادی دانتوں اور الویولر ہڈی کو چوٹ لگنے کے بعد پیدا ہو سکتے ہیں-37-43 انٹروژن اور اولژن کی چوٹیں عام طور پر ثانوی دندان سازی میں بے ضابطگیوں سے وابستہ ہیں-37-42

انٹروژن اور لیٹرل لگسیشن کی چوٹوں کے لیے، پچھلے ہدایات میں حادثے سے متاثرہ بنیادی دانت کو فوری طور پر نکالنے کی سفارش کی گئی ہے اگر جڑ کی منحرفی کا رخ دانت کے ثانوی جراثیم کی طرف ہو۔ اس کارروائی کی اب حوصلہ افزائی نہیں کی جاتی ہے کیونکہ (a) انٹروڈڈ دانتوں کا اچانک سے باہر نکلنے کے

شواہد، 8, 10, 26, 43-45 (b) اس تشویش کی وجہ سے کہ نکالنے کے دوران دانت کے جراثیم کو مزید نقصان پہنچ سکتا ہے، اور (c) ثبوت کی کمی کہ فوری طور پر نکالنے سے دانت کے ثانوی جراثیم کو مزید نقصان کم ہو جائے گا۔

یہ دستاویز کرنا بہت ضروری ہے کہ انٹروژن، اولژن، اور الویولر فریکچر کے بعد والدین کو ثانوی دانتوں کی نشوونما میں ممکنہ پیچیدگیوں کے بارے میں مطلع کیا گیا ہے

1.9 بنیادی دانتوں کی چوٹوں کے لیے انتظامی حکمت عملی

عام طور پر، بنیادی دانتوں میں علاج کے بہت سے اختیارات کی حمایت کرنے کے لیے محدود ثبوت موجود ہیں۔ ہنگامی صورت حال میں مشاہدہ اکثر سب سے مناسب انتخاب ہوتا ہے جب تک کہ ساتھ مداخلت کا خطرہ نہ ہو۔ یہ قدامت پسندانہ نقطہ نظر بچے کے لیے اضافی تکلیف کو کم کر سکتا ہے اور ثانوی دانتوں کو مزید نقصان پہنچنے سے روک سکتا ہے۔ 18, 46, 47

بنیادی دندان سازی میں TDIs کی انتظامی حکمت عملی کا خلاصے درج ذیل ہیں:

1. بچے کی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی صلاحیت، چوٹ سے متاثر دانت کے نکلنے کا وقت، اور اس کی اوکلوژن سبھی اہم عوامل ہیں جو علاج پر اثر انداز ہوتے ہیں۔
2. یہ بہت اہم ہے کہ والدین کو مناسب مشورہ دیا جائے کہ مزید تکلیف سے بچنے کے لیے شدید علامات کا بہترین انتظام کیسے کیا جائے۔ لگسیشن چوٹیں، جیسے کہ انٹروژن اور لیٹرل لگسیشن، اور جڑ کے فریکچرز، شدید درد کا باعث بن سکتے ہیں۔ جب درد متوقع ہو تو درد کم کرنے والی دوا جیسے ibuprofen اور/یا acetaminophen (paracetamol) کے استعمال کی سفارش کی جاتی ہے۔
3. دانتوں کے علاج کے خوف کو کم کرنا ضروری ہے۔ دانتوں کے علاج کی فراہمی کا انحصار بچے کی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی صلاحیت پر ہوتا ہے۔ مختلف طرز عمل کے طریقے موجود ہیں 50، 51 اور ہنگامی صورت حال میں شدید طریقے کار کی انتظامی حکمت عملی کے لیے مؤثر ثابت ہوئے ہیں۔ 52، 53 TDIs اور ان کے علاج میں پوسٹ ٹرامیٹک اسٹریس ڈس آرڈر (PTSD) اور دانتوں کے علاج کے خوف کا باعث بننے کی صلاحیت ہے۔ چھوٹے بچوں میں ان حالات کی تشہیر ایک پیچیدہ مسئلہ ہے54، 55 جس میں بہت کم تحقیق ہوتی ہے جس میں خاص طور پر بنیادی دانتوں میں TDIs کے

بعد دونوں حالتوں کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ تاہم، دانتوں کے وسیع تر لٹریچر سے شواہد یہ بتاتے ہیں کہ دانتوں کی بے چینی کی کثیر الجہتی نوعیت، اس کے اتار چڑھاؤ کی نوعیت، اور دانتوں کو نکالنے کا کردار بڑھتے ہوئے عوامل ہیں-56-58 جہاں ممکن ہو، دانتوں کے نکالنے سے اجتناب، خاص طور پر شدید یا ابتدائی دورے میں، ایک معقول حکمت عملی ہے۔

4. جہاں مناسب ہو اور بچے کا تعاون اجازت دیتا ہو، بچے کے بنیادی دانتوں کو برقرار رکھنے والے اختیارات کو ترجیح ہونی چاہیئے۔ 59 مختلف علاج کے اختیارات کے بارے میں والدین کے ساتھ بات چیت میں مزید علاج کے دورے کے امکانات اور اس بات پر غور کرنا چاہیئے کہ ترقی پذیر ثانوی دانتوں پر چوٹ کے اثر کو کیسے کم کیا جائے-60
5. کراؤن اور کراؤن-جڑ فریکچر جس میں گودا ملمس ہو، جڑ کے ٹوٹنے، اور لگسیشن کی چوٹیں شامل ہیں، بچوں کے علاج کے طرف مائل ٹیم کو جلد از جلد ریفر کریں جو بچوں میں دانتوں کی چوٹوں کی انتظامی حکمت عملی میں تجربہ اور مہارت رکھتی ہے۔
6. الویولر ہڈی کے فریکچر 40، 61 کے لیے سپلنٹنگ کا استعمال کیا جاتا ہے اور کبھی کبھار جڑ کے ٹوٹنے اور لیٹرل لگسیشن کے معاملات میں بھی اس کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

1.10 اوولزڈ بنیادی دانت

ایک اوولزڈ بنیادی دانت کو دوبارہ نہیں لگایا جانا چاہیئے۔ وجوہات میں ایک چھوٹے بچے کے لیے علاج کے ایک اہم بوجھ (بشمول ریپلانٹیشن، سپلنٹ کو لگانا اور ہٹانا، روٹ کینال علاج) کے ساتھ ساتھ ثانوی دانت کویا اس کے نکلنے میں مزید نقصان پہنچانے کا امکان بھی شامل ہے۔ 40, 41, 63, 64 تاہم، سب سے اہم وجہ دانت کی نگل جانے کے نتیجے میں ہونے والی طبی ایمرجنسی سے بچنا ہے۔ ثانوی دانت کی نشوونما اور باہر بکلنے کی نگرانی کے لیے احتیاط سے پیروی کی ضرورت ہے۔ مخصوص رہنمائی کے لیے ساتھ والے جدول () سے رجوع کریں۔

1.11 اینٹی بائیوٹکس اور تشنج سے بچاؤ کے ٹیکے

بنیادی دندانسازی میں لگسیشن انجری کی انتظامی حکمت عملی میں سیسٹیمیٹک اینٹی بائیوٹکس کے استعمال کی سفارش کرنے کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔ تاہم، اینٹی بائیوٹک کا استعمال کلینشین کی صوابدید پر رہتا ہے جب TDIs کے ساتھ نرم بافتوں اور دیگر متعلقہ زخموں یا اہم جراحی مداخلت کی ضرورت ہوتی ہے۔ آخر میں، بچے کی طبی حیثیت اینٹی بائیوٹک کوریج کی ضمانت دے سکتی ہے۔ ان حالات میں جہاں سوالات پیدا ہوتے ہیں وہاں بچے کے ماہر اطفال سے رابطہ کیا جانا چاہیئے۔

اگر چوٹ کی ماحولیاتی آلودگی واقع ہوئی ہے تو تشنج سے بچاؤ کے ٹیکوں کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ اگر شک ہو تو 48 گھنٹوں کے اندر کسی طبی ماہر سے رجوع کریں۔

1.12 گھر میں دیکھ بھال کے لیے والدین کی ہدایات

دانتوں اور منہ کے بافتوں کو چوٹ لگنے کے بعد کامیاب شفا یابی کا انحصار منہ کی اچھی صفائی پر ہے۔ شفا یابی کو بہتر بنانے کے لیے، والدین یا دیکھ بھال کرنے والوں کو زخمی دانت/دانتوں کی دیکھ بھال اور ممکنہ طور پر خطرناک سرگرمیوں کی نگرانی کرکے مزید چوٹ کی روک تھام کے بارے میں مشورہ دیا جانا چاہیئے۔ متاثرہ جگہ کو نرم برش یا روئی سے صاف کریں اور الکحل سے پاک کلورہیکسیڈائن گلوکوونیٹ 0.12% سے منہ کللا کریں جو ایک ہفتے کے لیے دن میں دو بار استعمال کریں تاکہ پلاک اور ملبے کو جمع ہونے سے روکا جا سکے اور بیکٹیریا کے بوجھ کو کم کیا جا سکے۔ کھاتے وقت اس بات کا خیال رکھنا چاہیئے کہ دانتوں کو مزید نقصان نہ پہنچے اور جلد از جلد معمول کے کام میں واپسی کی حوصلہ افزائی کریں۔

والدین یا دیکھ بھال کرنے والوں کو ممکنہ پیچیدگیوں کے بارے میں مشورہ دیا جانا چاہیئے، جیسے سوجن، دانتوں کے ہلنے میں اضافہ، یا ہڈیوں کی نالی۔ بچے درد کے بارے میں شکایت نہیں کر سکتے ہیں، لیکن انفیکشن موجود ہوسکتا ہے۔ والدین یا دیکھ بھال کرنے والوں کو انفیکشن کی علامات جیسے کہ مسوڑھوں میں سوجن کا خیال رکھنا چاہیئے۔ اگر موجود ہو، تو انہیں علاج کے لیے بچے کو دانتوں کے ڈاکٹر کے پاس لے جانا چاہیئے۔ ناموافق نتائج کی مثالیں ہر چوٹ کے لیے ٹیبل میں پائی جاتی ہیں (ٹیبلز 1-12)۔

1.13 فالواپ دیکھ بھال کی انتظامی حکمت عملی کرنے والی ٹیموں کے لیے تربیت، مہارت اور تجربہ

علاج کے فالواپ کے دوران، دانتوں کی ٹیمیں جو ابتدائی دانتوں کے پیچیدہ زخموں کے ساتھ بچوں کی دیکھ بھال کرتی ہیں ان کے پاس ماہر تربیت، تجربہ اور مہارت ہونی چاہیئے۔ یہ صفات ٹیم کے ارکان کو بچوں اور ان کے خاندانوں کی طبی، جسمانی، جذباتی، اور ترقیاتی کی ضروریات کے لیے مناسب جواب دینے کے قابل بناتی ہیں۔ اس کے علاوہ، ٹیم کے اندر موجود مہارتوں میں صحت کے فروغ اور ماہر تشخیصی اور علاج کی خدمات تک رسائی بھی شامل ہونی چاہیئے جن میں سیدیٹیشن، جنرل اینستھیزیا، اور تکلیف کی روک تھام یا کم کرنے کے لیے درد کا مجموعی انتظام ہونا چاہیئے۔

1.14 تشخیص

چوٹ اور اس کے بعد کے علاج سے متعلق عوامل گودے اور پیریڈونٹل نتائج کو متاثر کر سکتے ہیں، اور انہیں احتیاط سے ریکارڈ کیا جانا چاہیئے۔ ابتدائی مشاورت اور فالواپ دونوں پر ان پیشگی عوامل کو احتیاط سے جمع کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ ممکنہ طور پر پہلے بیان کردہ ساختی تفصیلات کی شکل کا استعمال کرتے ہوئے حاصل کیا جاتا ہے۔ دانتوں کے لٹریچر اور مناسب ویب سائٹس (مثال کے طور پر، www.dentaltraumaguide.org) معالجین کو ممکنہ گودے اور پیریڈونٹل پیشگوئی کے بارے میں مفید معلومات فراہم کرتے ہیں۔ یہ معلومات والدین یا دیکھ بھال کرنے والوں اور بچے کے ساتھ بات چیت کرتے وقت بہت قیمتی ثابت سکتی ہیں۔

1.15 بنیادی نتیجہ سیٹ

